There are several Hadiths which underline Prophet Mohammad's (Peace be upon him) deep, respect and regards to women with fair and noble intention for healthy, wealthy, cultured and educated family life for the present and for the days to come. This is truly what we follow "Live and Let Live" for better integrity, peace and tranquillity of the society.

The Prophet Mohammad (Peace be upon him) said.

"The whole world is to be enjoyed, but the best thing in the world is good woman".[30]

The Prophet Mohammad (Peace be upon him) again said.

---

[27] Mishkatul Masabih p.282 & Tirmizi,Part I, Abwabur Raza ,p.138
[28] Quran 30:21 Sura Ar-Room Ayat No 21
[29] Mishkatul Masabih,Babo Manaqebe Azwajin Nabi, p 573

[30] Sahih Muslim,Part IX,Kitabur Raza,p.56

The most perfect in faith amongst believers is he who is best in manner and kindest to his wife. [31] In another Hadith of the Holy Prophet (saw) he states:

"Only a man of noble character will honour women, and only a man of base intentions will dishonour them"[32]

"The most perfect man in religion is one who excels in character. The best amongst you is he who gives the best treatment to his womenfolk"[33]

Men are also asked to overlook any faults a woman may have encouraging kindness and gentleness towards them. The Holy Prophet stated:

"No believing man should hate a believing woman, since if there is any habit of hers that displease him, there will be some other habit that will please him"[34]

Hakim bin Muaweiya narrated from his father that he said that we said “Oh the Prophet Hazrat Mohammad (Peace be upon him) of Allah What is the right of wife upon his husband, then the Prophet Mohammad (Peace be upon him) said “you should feed her, when you eat, and wear him when you wear and do not strike upon her face, and do not abuse her and do not leave except in your house”[35]

Thus to respect and honour women and treat them with equality is linked to a Muslim’s faith since he will be rewarded in the Hereafter for his dealings.

4. Economic Rights of Women and Right to Property and Inheritance.

Islam has clearly declared and established the economic right of the women about more than 1400 years ago.

The Quran says

“ Lirrijaali naseebum mim mak tasaboo wa linnisaaa'i naseebum mim mak tasabna;”

“Whatever men earn, they have a share of that and whatever women earn they have a share in that [36]

Then again Quran says.

[31] Tirmizi Sharif,Part 1,Abwabur Raza, p.138
[32] Kanz-ul-amal 16:
[33] Sahih Thirmidhi, Abwab ar-Rada,Part 1,p.138 & Mishkatul Masabih,Kitabun Nikah,p 282
[34] Sahih Muslim, Part IX, Kita bar-Rada,p.58 & Mishkatul Masabih,Kitabun Nikah,p 280
[35] Mishkatul Masabih, Kitabun Nikah,p 281
[36] Quran:4:32 Sura An-Nesa , Ayat No 32

Lirrijaali naseebum mimmaa tarakal waalidaani wal aqraboona wa lin nisaaa'i naseebum mimmaa tarakal waalidaani wal aqraboona mimmaa qalla minhu aw kasur; naseebam mafroodaa

"For men is a share of that which parents and near relations leave, and for women is a share of that which parents and near relations leave, whether it be little or much- a determined share". [37]

According to Islamic laws if the women owned any property prior to marriage, she retains that property under her direct control even after marriage.

If the woman earns anything during her marital life , she does not need to spend even one penny of that income on the household. It is entirely hers. If a woman becomes widow, divorcee and she has children, she is entitled to get child support.

The woman on the other hand, in exchange for looking after the house and family, is given the right to be fully maintained by her husband or male member of the household, alleviating any financial responsibility from her. If she chooses to work, she can do so, or she can decline, even if her family is in desperate need since it is her husband's primary duty to care for her. If she chooses to work she can keep her income for herself and if she chooses to spend it on her family, she will be doing that to favour her family , as opposed to the husband who is in duty bound to do the same.

The Quran again says.

"Yooseekumul laahu feee awlaadikum liz zakari mislu hazzil unsayayn; fa in kunna nisaaa'an fawqas nataini falahunna sulusaa maa taraka wa in kaanat waahidatan falahan nisf;"

"Allah commands you concerning your children, a male shall have as much as the share of two females, but if there be females only, numbering more than two, then they shall have two thirds of what the deceased leaves, and if there be one, she shall have the half".[38]

Prophet Mohammad(Peace be upon Him) emphasised and asserted to the male members of the family to take care of their counterparts (Wives) and their family and declared it as a Sadqa so the Prophet Mohammad(Peace be upon Him) said. "When a Muslim spends money

[37] Quran: 4:7, Sura An-Nesa , Ayat No 7
[38] Quran:4: 11 Sura An-Nesa Ayat No 11

on his family , intending to receive Allah's reward,it is regarded as Sadaqa for him. (He will get the reward of Sadqa for spending money upon his family.) [39]

<u>5. Rights of Mother:</u> The rights of mother is most high in Islam. Prophet Hazrat Mohammad (Peace be upon him) said. "Paradise is at the feet of the mothers". Prophet Hazrat Mohammad (Peace be upon him) said, "I command you to be kind and considerate to women. In an another Hadith Prophet Hazrat Mohammad (Peace be upon him) said. It is only the generous in character who is good to women,and only the evil one who insults them.

Islam gives honour to the mothers and raises their status, positions and rank high.

Quran recites.

"Wa wassainal insaana biwaalidaihi ihsaanan hamalathu ummuhoo kurhanw-wa wada'athu kurhanw wa hamluhoo wa fisaaluhoo salaasoona shahraa; ."

"And we have enjoined on man to be dutiful and kind to his parents. His mother bears him with hardship and she brings him forth with hardship".[40]

In another place of Quran the Almighty Allah commands the believers to behave with kindness towards mother and father. So Allah says in Quran.

"Wa qadaa Rabbuka allaa ta'budooo illaaa iyyaahu wa bilwaalidaini ihsaanaa; immaa yablughanna 'indakal kibara aw haduhumaaa aw kilaahumaa falaa taqul lahumaaa uffinw wa laa tanharhumaa wa qullahumaa qawlan kareemaa

Wakhfid lahumaa janaahaz zulli minar rahmati wa qur Rabbir hamhumaa kamaa rabbayaanee sagheera."

"Thy Lord has commanded "Worship none but Him and show kindness to parents.(Mother and Father).If one of them or both of them attain old age with thee, never say unto them any word expressive of disgust nor reproach them, but address them with excellent speech. And lower to them the wing of humility out of tenderness. And say "My lord have mercy on them even as they nourished me in my childhood. [41]

---

[39]Sahih Bukhari Sharif, Part II Kitabun Nafaqat, p.805
[40] Quran: 46: 15 Surah Al- Ahqaf Ayat No 15
[41] Quran:17: 23& 24 Surah Bani Israeel , Ayat No 23 & 24

However Islam appreciates the role of the mother, values it above all other roles in society. A mother is bestowed with high status, privileges and children and adults alike are asked to respect and value what she does.

One of the famous companion of the prophet Hazrat Abu Huraira narrated that one day a man came to the prophet Mohammad (Peace be upon him) and asked him “Who among people is most deserving of my good treatment” Prophet (Peace be upon him) replied “your mother”. The man asked again “Who among people is most deserving of my good treatment” He said “Your mother”.Then again the said man asked “Who among people is most deserving of my good treatment” He said your mother and the fourth time he said “Your father and then your near relatives, your near relatives.[42] From this prophetic tradition it is proved how much Islam gives the importance to the mother.

One of the companion of Prophet Mohammad narrated that one day I was sitting with the Prophet Hazrat Mohammad ,a woman came to him, then the Prophet Mohammad (due to her respect) spread his robe and asked her to sit on it, She sat on it when she went, it was said that this woman has breastfed the Prophet Mohammad[43] .(She was Prophet’s suckling mother (Breast feeding mother Hazrat Halima).

From this Hadith it is proved that Hazrat Mohammad respects not only his mother but also he respects his suckling mother Hazrat Halima.

Respect to women Islam has given due regard and respect to women for her femininity.

Though a woman must pray daily as men must do, she is exempted from this if she is on her menstrual cycle. It is mandatory for Muslim men to attend the Friday prayer, but for women this obligation has been relaxed and made optional for her. She also does not have to fast during her menstrual cycle, and is also exempted from keeping the fasts during pregnancy and whilst suckling her child if she or her child is at risk. Thus a woman is given leniency in this regard, having due regard and respect to her femininity.

During the age of ignorance women were regarded shameful, female babies were buried alive, inheritance was not allowed for the females and oppression upon the females was widespread. Islam came and the Prophet Hazrat Mohammad (Peace be upon him) abolished all these wrong, sinful and inhuman practices.Hazrat Prophet Mohammad (Peace be upon him) said Rahman

---

[42] Sahih Bukhari,Part II,Kitabul Adab,p.883

[43] Tirmizi Sharif. Part I Abwabur Raza,p.138

(Allah the Almighty) does mercy to those who do mercy to others. You should do mercy upon those who are on the earth, Who is in the sky will show mercy towards you.[44]

Islam and its prophet Hazrat Mohammad (Peace be upon him) regards women as precious and valuable.

So Allah the Almighty declared Prophet Hazrat Mohammad (Peace be upon him)as merciful for all the universe irrespective of gender, caste, creed, religion, community and colour. So I conclude with the verse of the Holy Quran.

“Wa Maa Arsalnaka Illa Rahmatal Lil A’alamin”

“I have sent you (Oh Prophet Mohammad) as a merciful for all the Universe” ,[45]

Bibliography

1. The Quran Sharif
2. Mishkatul Masabih by Imam Waliuddin Mohammad bin Abdullah Al-Khatib Al-Umri, At Tabrizi, Al Matbaul Qayyumi,Kanpur,India.
3. Sahih Bukhari by Imam Mohammad bin Ismail Al-Bukari,Maktabatur Rahimia Deoband,India,1384.A.H.
4. Sahih Muslim by Imam Muslim Bin Hajjaj Al-Qusheri 1st Edition,Almatbatul Misriya Azhar,Egypt,1929.
5. Jame Tirmizi by Imam Mohammad bin Isa Tirmizi ,Amin Company,Urdu Bazar,Delhi
6. Sunan Abu Dawud by Imam Abu Dawud Sulaiman Ashas Assajistani, Al Matbaul Majid Kanpur,India.1955
7. Sunan Nisayee by Imam Ahmad bin Shuaib Annasayee, Al Matbaul Mujtaba Delhi
8. Sunan Ibne Maja (Arabic with Urdu Translation),by Imam Mohammad bin Yazid Ibne Maja, Eateqad Publishing House,Delhi
9. Al Mustadrak Alas Sahihain by Imam Hafiz Abu Abdullah Mohammad bin Abdullah Al-Hakim Annisapori,First Edition,Shareka Dar Al-Resalah A’lamiah, Damascus,Syria,1439 A.H.Corresponding to 2018 A.D.
10. Musnad Imam Ahmad bin Hanbal, 1st Edition, Maktaba Darus Salam,Lin Nashar Wattozi,Saudi Arabia,1434 A.H.-February 2013
11. The Meaning of The Illustrious Quran by Allama Abdullah Yusuf Ali,Kitab Bhavan,New Delhi, 1978
12. The Meaning of The Glorious Quran by Marmaduke Pickthall ,Government Central Press, Hyderabad (Deccan) India,1938.

    AG

[44] Tirmizi Sharif , Part II, Abwabur Bir Wassilah,p.14
[45] Quran: 21:107 Surah Al-Ambiya Ayat No 107

حضرت علقمہ شبلی کی تحریر میں صوفیانہ رنگ

ڈاکٹر سید مصطفیٰ مرشد جمال شاہ القادری

ایم اے (گولڈ میڈلسٹ)، ایم ایم (فرسٹ کلاس فرسٹ)، پی ایچ ڈی، ڈبلو بی ای ایس

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ عربی، مولانا آزاد کالج، کولکاتا

Dr.Syed Mustafa Murshed Jamal Shah Al-Quadri
M.A. (Gold Medallist), M.M. (1st Class 1st), Ph.D., W.B.E.S
Assistant Professor
Department .of Arabic, Maulana Azad College, Kolkata West Bengal, India

حضرت علقمہ شبلی اردو ادب کے ایک مشہور و معروف شاعر و ادیب تھے۔ ان کا پورا نام ابو علقمہ محمد شبلی نعمانی ہے۔ لیکن ادبی دنیا میں وہ علقمہ شبلی کے نام سے معروف ہیں۔ علقمہ شبلی کے والد محترم کا نام حضرت مولانا عبد الجبار تھا جو دار العلوم حمدیہ دربھنگہ میں مدرس و مفتی تھے۔ ان کی والدہ کا نام عائشہ خاتون تھا جو مولوی شرافت حسین مرحوم کی صاحبزادی تھیں۔ علقمہ شبلی یکم نومبر 1930 عیسوی میں ریاست بہار کے ضلع پٹنہ (موجودہ ضلع نالندہ) کے میر غیاث چک میں پیدا ہوئے۔ علقمہ شبلی نے اپنی ابتدائی تعلیم اپنے والد بزرگوار کے آغوش شفقت میں حاصل کی تھی۔ بعد ازاں 1948 سال میں مسلم ہائی اسکول لہریا سرائے دربھنگہ سے میٹریکولیشن کا امتحان پاس کیا۔ چندردھاری متھلا کالج دربھنگہ (پٹنہ یونی ورسیٹی) سے 1950 میں آئی کام اور 1952 میں بی کام کا امتحان امتیازی نمبروں سے پاس کیا۔ 1959 میں کلکتہ یونی ورسیٹی سے بی ٹی کا امتحان پاس کیا اور 1963 میں علی گڑھ مسلم یونی ورسیٹی سے فارسی میں ایم اے کا امتحان پاس کیا۔ اسکے علاوہ وہ مدرسہ شمس الہدی پٹنہ سے فاضل بھی تھے۔ انہوں نے اردو فارسی و انگریزی تمام زبانوں میں مہارت حاصل کی تھی۔ وہ نثر و نظم دونوں میں یکساں قدرت رکھتے تھے۔ وہ ابتداء میں حکومت مغربی بنگال کے محکمۂ تعلیمات سے منسلک تھے اور ریاست کے مختلف سرکاری اسکولوں میں درس و تدریس کے فرائض انجام دیتے رہے۔ شبلی صاحب 1952 میں محمد لائق جبلی انسٹی ٹیوشن کلکتہ میں بحیثیت مدرس مقرر ہوئے۔ وہ 1961 سے 1965 تک کارپوریشن اسکول کلکتہ کے ہیڈ ماسٹر بھی رہے پھر 1965 سے 1990 تک مدرسہ عالیہ کلکتہ کے اینگلو پرشین ڈپارٹمنٹ میں بحیثیت استاد منسلک رہے۔ 1993 سے 1995 تک کلکتہ یونی ورسیٹی کے شعبۂ اردو میں گیسٹ لیکچرر کے عہدہ پر بھی فائز رہے۔ علقمہ شبلی بہت سارے سرکاری و غیر سرکاری و ادبی اداروں میں اعزازی مناصب پر

بھی فائز رہے۔ 1978 سے 1991 تک وہ مغربی بنگال اردو اکیڈمی کے گورننگ باڈی اور کاؤنسل کے رکن رہے۔ 1991 سے 2002 تک مغربی بنگال اردو اکیڈمی کے وائس چیرمین کے عہدہ پر فائز رہے۔ 1985 سے 1991 تک فروغ اردو کمیٹی حکومت ہند کے عہدئہ جلیلہ پر بھی فائز رہے۔اس کے علاوہ وہ خازن ایران سوسائٹی، اسسٹنٹ سکریٹری انجمن ترقی اردو ہند مغربی بنگال، چیرمین لٹریری کمیٹی مسلم انسٹی ٹیوٹ کلکتہ، سکریٹری مغربی بنگال مسلم میرج رجسٹرار و قاضی ایسوسی ایشن، چیرمین، تھیٹر اکیڈمی کلکتہ، چیرمین اقبال صدی، معتمد بزم احباب کلکتہ، نائب صدر و صدر بزم احباب کلکتہ بھی رہے۔

آپ کے تینوں صاحبزادے ماشاءاللہ بحمہ اللہ شمس وقمر ہیں۔ آپ کے بڑے صاحبزادے جناب شہزاد شبلی آئی اے ایس کلکتا کارپوریشن میں کمشنر کے عہدہ پر فائز ہیں

آپ کے مجھلے صاحبزدے جناب ڈاکٹر عاصم شہنواز شبلی مولانا آزاد کالج کلکتہ میں شعبۂ اردو کے پروفیسر ہیں۔

آپ کے چھوٹے صاحبزادے جناب شہریار شبلی ڈبلوبی سی ایس حکومت مغربی بنگال کے شعبہ بہبود اطفال میں جوائنٹ ڈائرکٹر کے اعلی عہدہ پر فائز ہیں۔

علقمہ شبلی ایک فطری شاعر وادیب تھے۔ نظم ونثر دونوں میں آپ ید طولی رکھتے تھے ۔

اردو دنیا نے ان کی ادبی خدمات کا اعتراف کیا ہے۔ مختلف اکیڈمی اور اداروں نے انھیں اعزازات اور انعامات سے نوازا ہے۔ان کی حیات وشاعری پر تحقیقی کام بھی ہوا ہے۔ڈاکٹر مظہر کبریا نے علقمہ شبلی کی حیات وخدمات پر اپنا تحقیقی مقالہ پیش کرکے بہار یونی ورسیٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی ہے۔علقمہ شبلی اردو فارسی کے استاد تھے۔ان کے فرمودات و ارشادات اردو ادب وزبان میں مستند و معتبر مانے جاتے ہیں۔ علقمہ شبلی قابل احترام شاعر تھے ۔ قابل احترام ادیب تھے ۔ قابل احترام استاد تھے ۔سب سے بڑھکر وہ ایک قابل احترام انسان تھے ۔

شاعری کا ملکہ انھیں پیدائشی طور پر حاصل تھا۔ وہ بچپن ہی سے شعر کہتے تھے۔ بچپن ھی سے انہوں نے اردو زبان میں طبع آزمائی شروع کردی تھی۔ ایام شباب ھی سے ان کی شاعری میں کمال آچکا تھا۔علقمہ شبلی نے شاعری میں مختلف موضوعات پر طبع آزمائی کی ہے۔

انہوں نے حمدیہ نعتیہ اور صوفیانہ شاعری پر بھی طبع آزمائی کی ہے۔

علقمہ شبلی نے حمد و نعت بھی لکھے ہیں۔ زاد سفر علقمہ شبلی کی حمدیہ اور نعتیہ رباعیات کا مجموعہ ہے۔ جس میں 46 حمدیہ رباعیات اور 46 نعتیہ رباعیات کل 92 رباعیات ہیں۔ علقمہ شبلی حمد و نعت دونوں اصناف میں قدرت رکھتے تھے ۔ انہوں نے بہت ہی کامیابی کے ساتھ گلستاں شعر میں حمد و نعت کے گل بوٹے کھلائے ہیں۔ اور نہایت خلوص و احترام کے ساتھ حمد خالق کائنات کی قندیل فروزاں کی ہے۔ اور نعت رسول کی شمع روشن کی ہے۔ شبلی صاحب نے اس کائنات پر اللہ تعالی کی خلاقیت اور آفاقیت کو بہترین انداز میں پیش کیا ہے۔

ہوا کے شانے پہ جو بشر کو اڑا رہا ہے

سمندروں میں جو کشتیوں کو ترا رہا ہے

جو ہو کے او جھل نظر سے جلوے دکھا رہا ہے

اندھیری شب میں بھی راستہ جو بتا رہا ہے

وہی خدا ہے وہی خدا ہے [i]

علقمہ شبلی نے نہایت ادب و احترام کے ساتھ سیدنا حضور رحمۃ للعالمین سیدنا احمد مجتبی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں نعت شریف کے نذرانے پیش کئے ہیں۔ انہوں نے رسول خدا کی حسن صورت اور حسن سیرت دونوں کی مدح کی ہے۔ اور سرور کائنات سے اپنے عقیدت و محبت کا اظہار کیا ہے۔

سایہ سروں پہ نور کا　　　جلوہ ہو جیسے طور کا

مژدہ جناں میں حور کا　　　یہ ہے کرم حضور کا

صل علی نبینا

دل میں محبت رسول　　　لب پر عقیدتوں کے پھول

رحمت کا روز و شب نزول　　　یہ ہے کرم حضور کا

صل علی نبینا

حسن بیاں کی برتری　　　نعت نبی کی شاعری

شبلی کی یہ سخن وری　　　یہ ہے کرم حضور کا

صل علی نبینا [ii]

دوسری نعت میں علقمہ شبلی لکھتے ہیں۔

رسول اکرم، شہ معظم، قسیم کوثر

زمیں کی رفعت، فلک کی عظمت، حبیب داور

نشان ایماں، متاع عرفاں، شفیع محشر

سرور جانم سکون قلبم، خلوص پیکر

خدا کی نعمت میرے پیمبر [iii]

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے شان رحمۃ للعالمین کو انہوں نے اپنی شاعری میں انوکھے انداز میں پیش کیا ہے۔۔

شہ لولاک ختم المرسلیں ہیں

حبیب حق شفیع المذنبیں ہیں

خوشا وہ خاتم دل کے نگیں ہیں

محمد رحمۃ للعالمیں ہیں [iv]

علقمہ شبلی نے اردو شاعری میں قدیم و جدید موضوعات کو پیش کیا ہے وہی انہوں نے شاعری میں واقعۂ کربلا کے واقعات کو بھی پیش کیا ہے۔

چنانچہ وہ لکھتے ہیں۔

کار گاہ زندگی گویا ہے دشت کربلا

راستے میں جس طرف بھی جایئے ٹھوکر لگے

یہ میرا شہر تمنا بھی ہے کوفہ گویا

میرے سر نے یہاں ہر ہاتھ میں پتھر دیکھا

جہاں ہر لمحہ رقص زندگی تھا

وہ کمرہ آج دشت کربلا ہے

کربلا تو آج بھی ملتا ہے ہر ہر گام پر

شہر میں لیکن حسین باوفا کوئی نہیں[v]

انہوں نے اپنی شاعری میں حمد و نعت کے علاوہ اولیائے کرام سے اپنی عقیدت کا اظہار کیا ہے۔ان کی صوفیانہ شاعری بے پناہ اعلی درجہ کی ہے۔ آپ اللہ و رسول کو ماننے والے تھے ۔اولیائے کرام سے بے پناہ عقیدت رکھتے تھے ۔ خصوصی طور پر سلطان الاولیاء سیدنا ابو محمد محی الدین شیخ سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالی علیہ ملقب بہ غوث الاعظم سے آپ کی بے پناہ عقیدت تھی۔ آپ نے حضرت غوث الاعظم سے اپنی عقیدت کا اظہار بر ملا کیا ہے۔ آیئے ہم ذرا حضرت علقمہ شبلی کی زبان سے ہی ان کی عقیدت کا حال سنتے ہیں۔علقمہ شبلی رقم طراز ہیں۔

وہ غوث ہمارے آقا ہیں، توصیف ہم ان کی کرتے ہیں

انہیں کے لئے ہم جیتے ہیں، انہیں کے لئے ہم مرتے ہیں

اے کاش نگاہ لطف ذرا ہم پر بھی ہو غوث اعظم کا

گو غرق ہیں بحر عصیاں میں، ہم دم تو انہیں کا بھرتے ہیں

اک رند اٹھا ہے محفل میں پھر مدحت غوث اعظم کو

اب عقل و خرد کی خیر نہیں اے عقل و خرد کے دیوانو[vi]

حضرت علقمہ شبلی کی شاعری میں فصاحت و بلاغت، سلاست و متانت، تقدس، وو قار، نکھار و بہار سب کچھ بدرجہ ءاتم پایا جاتا ہے ۔خود جناب علقمہ شبلی کو بھی اپنی ان ادبی صلاحیتوں کا احساس ہے لیکن اپنی ان صلاحیتوں کو وہ شاہ بغداد سیدنا حضور غوث پاک کی دعاؤں کا ثمرہ مانتے ہیں۔ چنانچہ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ان الفاظ میں کیا ہے۔

یہ تکلم یہ تقدس یہ متانت یہ وقار

یہ تصور یہ تخیل یہ تفکر یہ نکھار

یہ فصاحت یہ بلاغت یہ سلاست یہ بہار

شاہ بغداد کے صدقے میں میری جاگیر بنے

میری جاگیر بنے شعر کی تقدیر بنے[vii]

علقہ شبلی نے حمد و نعت کے علاوہ اولیائے کرام اور بزرگان دین کی شان میں منقبت اور صوفیانہ شاعری کے بہترین نمونے پیش کئے ہیں۔ جو ایک طرف تو خلوص و عقیدت اور نسبت خاص کا اظہار ہیں تو دوسری طرف فن کا بہترین نمونہ و شاہکار ہیں۔ علقمہ شبلی کا شمار بھی انہیں شعراء میں ہوتا ہے جنھوں نے بڑے خلوص اور والہانہ اور دانشوارانہ انداز میں اولیائے کرام اور بزرگان دین کی شان میں اپنی عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کئے ہیں جس کے لفظ لفظ سے صداقت اور خلوص کی کرن پھوٹتی نظر آتی ہے خصوصا شاہ بغداد حضرت ابو محمد محی الدین شیخ سید عبد القادر جیلانی کی مدح سرائی میں آپکا قلم رواں دواں نظر آتا ہے۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں۔

آپ کی مدح کرے میری زباں ناممکن

آپ کا وصف لکھے کلک جہاں ناممکن

آپ کی شان کرے کوئی بیاں ناممکن

آپ تو غوث زماں ہیں شہ جیلاں ہیں آپ

مصدر فیض ہیں ابن شہ مرداں ہیں آپ

آپ سے کسب ضیا کرتی ہے زرکار سحر

آپ کے نور سے روشن ہے ہر اک راہ گذر

آپ کے فیض سے شاداب ہے انساں کی نظر

مہر و مہ آپ کے شیدائی ہیں غوث اعظم

عرش والے بھی تماشائی ہیں غوث اعظم [viii]

علقمہ شبلی صرف اردو زباں و ادب ہی میں مہارت نہیں رکھتے تھے۔ بلکہ انگریزی زبان وادب میں بھی آپ کو ملکہ حاصل تھا۔ جیسا کہ ذکر کیا گیا کہ علقمہ شبلی سلطان الاولیاء حضرت غوث الاعظم سے بے پناہ عقیدت و محبت رکھتے تھے۔ چنانچہ وہ وہ اپنی انگریزی آرٹیکل میں حضرت غوث الاعظم کے متعلق لکھتے ہیں۔

Syedona Hazrat Mohammad Mustafa (Peace be upon him) was the best and greatest of all the prophets of God who were sent in this world to guide the people. He led them to Siratul Mustaqim (the straight path) so that they may lead a pious happy and peaceful life.Islam was completed with our Prophet.He placed a complete programme of life before his followers in the shape of the holy Quran and Hadith. After him no prophet has been sent or will be sent in future by God.But the God loving personalities and saints have always been appearing in each country and in holy Prophet each nation to revive Islam ,the religion brought by the

About the fifth century of the Hijri (11th CenturyA.D.) the essential principles of Islam were almost extinct.New acts with new doctrines began to spread .At this time Syedona Hazrat Shaikh Abdul Qadir Jilani,popularly known as Ghousul Azam Dasategir was born in Jilan,a town near Baghdad on the 1st Ramadhan ,470 A.H. He was a great moralist, a great doctor of law and above all the greatest of all saints. The interesting events of his life are much instructive as his life contains those strange realities of human life which appeal to the human mind and are instructive to the understanding of human nature.[ix]

سیدنا حضور محمد ﷺ اللہ تعالی کے تمام نبیوں میں افضل و اعلی ہیں۔ جنھیں اس دنیا میں مخلوقات کو ہدایت کرنے کے لئے بھیجا گیا ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے انسان کو صراط مستقیم (سیدھا راستہ) دکھلایا تاکہ لوگ ایک پاکیزہ خوشگوار اور پر سکون زندگی گزار سکیں۔ ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کے ساتھ دین اسلام مکمل ہو گیا۔ انھوں نے اپنے ماننے والوں کے پاس قرآن و حدیث کی شکل میں مکمل نظام حیات کو پیش کیا۔ حضور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اور کسی نبی کو نہیں بھیجا گیا اور نہ ہی مستقبل میں (قیامت تک) کسی بھی نبی کو بھیجا جائے گا لیکن اللہ کے محبوب بندے اور اولیائے کرام دین اسلام کو جس دین اسلام کو پیغمبر خدا حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم نے لایا تھا، زندہ کرنے کے لئے ہر ملک اور ہر قوم مین برابر آتے رہے ہیں۔

تقریبا ۵ ویں صدی (انگریزی ۱۱ عیسوی میں) اسلام کے بنیادی اصول تقریبا ختم ہو چکے تھے۔ نت نئے رسومات خرافات اور نت نئے بدعات اسلام میں پھیلنے لگے تھے۔ اسوقت سیدنا حضرت سید شیخ عبد القادر جیلانی جو غوث الاعظم بڑے پیر دستگیر کے نام سے مشہور و معروف ہیں یکم رمضان المبارک 470 ھجری میں بغداد کے قریب ایک شہر جیلان میں پیدا ہوئے۔ وہ ایک زبردست مصلح تھے۔ اور وہ ایک شریعت کے زبردست عالم تھے اور سب سے بڑھکر تمام ولیوں کے سردار تھے۔ ان کی زندگی کے واقعات بہت سبق آموز ہیں۔ اسی طرح ان کی زندگی انسانی زندگی کے عجیب و غریب اور نادر حقیقتوں اور واقعات سے

بھرپور ہیں۔جو انسانی عقل و شعور کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہیں۔اور یہ واقعات ااور حقیقتیں انسانی فطرت کو سمجھنے میں معاون اور سبق آموز ہیں۔

جناب علقمہ شبلی اولیائے کرام اور بزرگان دین سے بڑی عقیدت رکھتے تھے۔بنگال میں خاندان غوثیہ کے شیخ الکل حضرت مولاناسید شاہ مہر علی القادری ملقب بہ "اعلی حضور"(سنہ ولادت 1808 ء وسنہ وفات 1868ء)کے 16 محرم الحرام مطابق 2 مئی1999 کو منعقدہ سالانہ عرس کے موقع پر جس عرس کی محفل میں اس وقت کے مغربی بنگال کے عزت ماب گورنر ڈاکٹر اخلاق الرحمن قدوائی صاحب بحیثیت مہمان خصوصی رونق افروز تھے دربار شریف قادریہ 22مفید الاسلام لین کلکتہ 14 میں جناب علقمہ شبلی نے ایک معرکۃ الآراء منقبت پڑھی تھی جس سے ان کی عقیدت کا اظہار ہوتا ہے۔۔

آپ ہیں ناز ولایت حضرت مہر علی

شاہکار دست قدرت حضرت مہر علی

سرور ملک شریعت حضرت مہر علی

رہبر راہ طریقت حضرت مہر علی

کائنات دل کا ہر ذرہ نہ کیوں ہو رشک ماہ

آپ ہیں مہر ہدایت حضرت مہر علی

جل رہا ہے آندھیوں میں بھی چراغ معرفت

آپ کی ہے یہ کرامت حضرت مہر علی

حق کی گھٹا ہے آپ پر سایہ فگن

قدموں میں ہے جنت حضرت مہر علی

سرنگوں تھی تاجداری جنکے پائے فقر پر

آپ ہیں وہ قطب ملت حضرت مہر علی

علقمہ شبلی پہ بھی اے کاش ہو جائے ذرا

آپ کی چشم عنایت حضرت مہر علی[x]

علقمہ شبلی صاحب دور حاضر 19 ویں صدی کے بزرگوں میں حضرت مولانا سید شاہ مہر علی القادری ملقب بہ "اعلی حضور" کے پرپوتے حضرت مولانا سید شاہ غلام مصطفی حضرت القادری ملقب بہ "قطب بنگالہ" و متخلص بہ "حضرت" سجادہ نشین دربار شریف قادریہ کلکتہ و خانقاہ شریف قادریہ مہریہ مدنی پور کے روحانی فیوض و برکات کے دل سے قائل تھے۔ حضرت سید شاہ غلام مصطفی حضرت القادری سے ان کے مراسم تقریبا 70 سال پرانے تھے ۔ حضرت القادری بھی شبلی صاحب کی جوانی ہی سے انھیں بے حد محبت فرماتے تھے۔ اور ان کی قدر دانی فرماتے تھے۔ حضرت القدری جوہر شناس بزرگ تھے۔ علماء و دانشوران کی بے حد عزت افزائی فرماتے تھے۔ اسلئے شبلی صاحب سے پہلی ملاقات ہی میں حضرت القادری نے شبلی صاحب کی کم عمری ہی میں ان کے جوہر ذاتی کو پہچان لیا تھا۔

شبلی صاحب بھی حضرت القادری کی بے حد عزت و تعظیم فرماتے تھے۔ وہ حضرت القادری کے متعلق اپنے انگریزی مضمون میں لکھتے ہیں۔

Even today the descendants of Syedona Hazrat Ghousul Azam bear the torch which was lit by him.In Calcutta His Holiness Syedona Syed Shah Gholam Mustafa Hazrat Alquadri of Darbar Sharif,22,Mofidul Islam Lane,is the best example.Men and women ,irrespective of caste,creed,religion and community come to seek light and guidance from him and none of them goes away disappointed. [xi]

سیدنا حضرت غوث الاعظم نے ہدایت کی جو شمع روشن کی تھی آج بھی ان کی اولاد گرامی اس شمع کی روشنی کو پھیلا رہے ہیں۔۔ شہر کلکتہ میں دربار شریف ۲۲ مفید الاسلام لین میں تشریف فرما تقدس مآب سیدنا سید شاہ غلام مصطفی حضرت

القادری اس کی بہترین مثال ہیں۔ مرد و خواتین بلا تفریق مذہب و ملت اور رنگ و نسل ان سے روشنی و ہدایت حاصل کرنے کے لئے ان کے پاس آتے ہیں اور کوئی بھی ان کے پاس سے مایوس ہو کر نہیں جاتا ہے۔ ۔

حضرت سید شاہ غلام مصطفی حضرت القادری کے وصال کے بعد شبلی صاحب نے بہت ساری رباعیات لکھی ہیں۔ چند رباعیات ہدیہ ناظرین و قارئین ہیں۔

۱

اخلاق حمیدہ کے تھے پیکر حضرت

اوصاف جمیلہ کے تھے مظہر حضرت

سیر اب ہوئے پیاس کے مارے کتنے

میخانۂ عرفاں کے تھے ساغر حضرت

۲

شائستۂ ارباب بصیرت تھے وہ

خوشبوئے گلستان شریعت تھے وہ

آباد تھا جن سے دل و دیدہ کا جہاں

شہزادۂ اقلیم طریقت تھے وہ

۳

سر چشمہء فیضان الٰھی کہئے

شائستہ عرفان پناہی کہئے

کیا کہئے کہ تھے حضرت والا کیا کیا

کاشانہ بیدار نگاہی کہئے

۴

ایقان کی آنکھوں میں چمک تھی ان سے

ایمان کے ہونٹوں پہ لہک تھی ان سے

ہر بزم کی قندیل فروزاں تھے وہ

عرفاں کے چہرے پہ دمک تھی ان سے

۵

افکار کہ ہیں اہل بصیرت نازاں

گفتار کہ ہونٹوں پہ ہیں غنچے خنداں

کیا تذکرہ اوصاف کا حضرت ہو

کردار کہ ہیں جن وملک بھی حیراں [xii]

علقمہ شبلی حضرت سید شاہ غلام مصطفی حضرت القادری کے سجادہ نشین میرے والد محترم حضرت مولانا سید شاہ ظلال مرشد القادری سابق استاد مدرسہ عالیہ کلکتہ وعالیہ یونی ورسیٹی کولکاتا کو بھی بے حد محبت فرماتے تھے ۔ سید شاہ ظلال مرشد القادری حضرت مولانا سید طاہر علی شاکر کلکتوی کے بعد شاعری میں حضرت علقمہ شبلی سے مشورۂ سخن لیتے تھے۔

سید شاہ ظلال مرشد القادری کا ایک انٹرویو ماہنامہ "گلہائے خنداں" رامپور کے شمارہ نمبر 8 اگست 97 19 میں شائع ہوا تھا۔ انٹرویو لینے والے جناب کمال جعفری صاحب تھے جو اسوقت آکاش وانی کلکتہ میں پروگرام ایکزیکیوٹیو تھے۔انٹرویو پڑھکر حضرت علقمہ شبلی بیحد خوش ہوئے اور ماہنامہ گلہائے خنداں کے مدیر جناب ذکی قیصر صاحب کو فوراایک خط لکھاجو انہوں نے گلہائے خنداں کے شمارہ میں من و عن شائع کر دیا۔خط کے مضمون سے ظاہر ہوتا ہے کہ شبلی صاحب سید شاہ ظلال مرشد القادری کو کتنی محبت و شفقت فرماتے ہیں۔ شبلی صاحب اسوقت مغربی بنگال اردو اکیڈمی کے وائس چیر مین تھے۔

حضرت علقمہ شبلی صاحب صاحب لکھتے ہیں۔

" مکرمی ذکی قیصر صاحب مدیر ماہنامہ گلہائے خنداں سلام مسنون

گلہائے خنداں کا شمارہ نمبر 8 اگست 97 پیش نظر ہے۔سارے مضامین نظم و نثر قابل مطالعہ ہیں۔خاص طور سے حضرت سید شاہ ظلال مرشد القادری الحسنی والحسینی کا انٹرویو نہایت فکر انگیز اور معلومات افزا ہے۔کمال جعفری صاحب کے ساتھ ان کی گفتگو ان کے خاندانی حالات اور شجرہ کے علاوہ اسلام، تصوف اور قومی یکجہتی جیسے موضوعات کا بھی احاطہ کرتی ہے۔جس سے ایسے گوشے سامنے آتے ہیں جو روح پرور بھی ہیں اور کیف افزا بھی۔میں سید شاہ ظلال مرشد القادری صاحب کو اس وقت سے جانتا ہوں جب یہ اپنے والد محترم قطب بنگالہ حضرت سید شاہ غلام مصطفی حضرت القادری الحسنی الحسینی الجیلانی البغدادی قدس سرہ کے سایہ عاطفت میں پروان چڑھ رہے تھے۔اپنے والد ماجد کے وصال کے بعد یہ ان کے قائم مقام و سجادہ نشین ہوئے اور اس وقت سے شریعت و طریقت کی تبلیغ اور مریدین کی رشد و ہدایت میں ہمہ تن مصروف ہیں۔یہ ایک عالم با عمل اور صوفی صافی ہیں۔ساتھ ہی ساتھ اپنی خاندانی روایات کے وارث اور سلسلۂ قادریہ کے امین ہیں۔خدا ان کا سایہ تا دیر قائم رکھے اور ان سے شریعت کی سربلندی اور طریقت کی سرفرازی کا کام لے۔[xiii]. "

حضرت علقمہ شبلی نے اردو، فارسی و انگریزی میں اپنی خداداد تحریری صلاحیتوں کے بہترین نمونے پیش کئے ہیں۔علقمہ شبلی نہ صرف اردو کے ممتاز شاعر و ادیب تھے بلکہ اردو و انگریزی دونوں زبانوں میں نظم و نثر دونوں صنف میں یکساں مہارت رکھتے تھے ۔انہوں نے حمدیہ، نعتیہ اور صوفیانہ تحریروں کی بہترین مثالیں پیش کی ہیں۔راقم الحروف کو حضرت علقمہ شبلی سے

شرف تلمذ حاصل ہے۔ علقمہ شبلی ادب کی دنیا میں ایسی شاہکار شخصیت ہیں جو صدیوں میں ایک بار پیدا ہوتی ہے۔ میں اپنی اس پرخلوص مضمون کو علقمہ شبلی کی شان میں جناب پروفیسر نادم بلخی کے لکھے ہوئے چند اشعار کے ساتھ ختم کرتا ہوں۔

مبارک آپ کو الحاج حضرت علقمہ شبلی　　عطا اللہ نے جو کی ہے عظمت علقمہ شبلی

کہوں گا آپ کو میں اہل ثروت علقمہ شبلی　　امیر فن شہنشاہ بلاغت علقمہ شبلی

سخن سازی سے اپنی کرکے حاصل درجہ عالی　　نہیں شک، آپ نے اپنائی رفعت علقمہ شبلی

کیا نادم نے جو پیش آپ کو اک تہنیت نامہ　　عقیدت ہے، عقیدت در عقیدت علقمہ شبلی[xiv]

والہ جات

---

[i] صلوعلیہ و آلہ، علقمہ شبلی، اثبات و نفی پبلی کشنز 2004 صفحہ 1 1

[ii] صلوعلیہ و آلہ، علقمہ شبلی، اثبات و نفی پبلی کشنز 2004 صفحہ 16،17

[iii] صلوعلیہ و آلہ، علقمہ شبلی، اثبات و نفی پبلی کشنز 2004 صفحہ 19

[iv] صلوعلیہ و آلہ، علقمہ شبلی، اثبات و نفی پبلی کشنز 2004 صفحہ 23

[v] علقمہ شبلی، خوابوں کا صورت گر، ڈاکٹر راشد انور راشد، اثبات و نفی پبلی کشنز، 2003، صفحہ 589

[vi] یازدھم شریف سوینیئر، اردو سیکشن صفحہ نمبر 6، 1964، شائع کردہ یازدہم شریف سیلیبریشن کمیٹی دربار شریف کلکتہ۔ صدر جناب جسٹس ایس اے مسعود

[vii] یازدھم شریف سوینیئر، اردو سیکشن صفحہ نمبر 6، 1964، شائع کردہ یازدہم شریف سیلیبریشن کمیٹی دربار شریف کلکتہ۔ صدر جناب جسٹس ایس اے مسعود

[viii] فاتحہ یازدھم سوینیئر، 1965 اردو سیکشن صفحہ نمبر 10 شائع شدہ یازدھم سیلیبریشن کمیٹی دربار شریف کلکتہ

[ix] Yazdahum Sharif Soveniur,English Section,(The Reviver of Deen) (Religion) 1964, Page No 4

[x] غیر مطبوعہ، موجود در لائبریری دربار شریف قادریہ، 22 مفید الاسلام لین، کلکتہ 14

xi گلزار قادری، نورالابصار قادری، ناشر ابو سعید ملا قادری، صفحہ نمبر 59

xii غیر مطبوعہ ، موجود درلاءبریری دربار شریف قادریہ کلکتہ ، 22 مفید الاسلام لین کلکتہ 14

xiii ماہنامہ گلہائے خنداں، رامپور، جلد 3 شمارہ 12 ،ناشر ذکی اللہ، صفحہ نمبر 31

xiv۔ علقمہ شبلی، خوابوں کا صورت گر، ڈاکٹر راشد انور راشد، اثبات و نفی پبلی کشنز، 2003،، صفحہ نمبر۔ 925

،

کتابیات

1۔ صلو علیہ و آلہ، علقمہ شبلی، اثبات و نفی پبلی کشنز 2004

2۔ یازدھم شریف سوینیئر، 1964 شائع کردہ یازدہم شریف سیلیبریشن کمیٹی دربار شریف کلکتہ۔ صدر جناب جسٹس ایس اے مسعود

3۔ علقمہ شبلی، خوابوں کا صورت گر، ڈاکٹر راشد انور راشد، اثبات و نفی پبلی کشنز، 2003

4 ۔ فاتحہ یازدھم شریف سوینیئر 1965، شائع شدہ یازدھم سیلیبریشن کمیٹی دربار شریف کلکتہ

5 ۔ ماہنا مہ گلہائے خنداں، رامپور، جلد 3، شمارہ 12، ناشر ذکی اللہ

6۔ گلزار قادری، نورالابصار قادری، ناشر ابو سعید ملا قادری،۔

EXCELLENCE INTERNATIONAL JOURNAL OF EDUCATION AND RESEARCH

ISSN 2349-8838

(EIJER)

Multilingual Journal For All Subjects

Contact Details

(EIJER) Editor in Chief

Website: http://excellenceinternationaljournal.com

Whats app & Mob No : +91-8266970032

Email: editor.excellence@gmail.com & mhsiddiqui5@gmail.com

EXCELLENCE INTERNATIONAL JOURNAL OF EDUCATION AND RESEARCH (EIJER)

EXCELLENCE INTERNATIONAL JOURNAL OF EDUCATION AND RESEARCH

(EIJER)

Multilingual Journal For All Subjects

ISSN 2349-8838

EIJ

IMPACT FACTOR: 6.435

Monthly

Volume : 11 Issue : 4

October, 2021

A peer reviewed and refereed International journal

Editor-in-Chief

Dr. Mujibul Hasan Siddiqui
M.A (Economics), M.Ed.
M.Phil(Education), Ph.D (Education),
PGDHE, PGDDE, MADE, CCIPALA, CCCA,
D.Litt (Education) Pursuing
Professor
Department of Education
Aligarh Muslim University

Published by : Excellence International Publication Pvt. Ltd., Aligarh - (U.P.) India

Whats app & Mob No : +91-8266970032

Email: editor.excellence@gmail.com Website: http://excellenceinternationaljournal.com

TABLE OF CONTENTS

EIJER VOLUME 11 ISSUE 4 OCTOBER 2021

Title	Page No.
"Resisting the Occupation: Role of Palestinian Women in the First and Second Intifada" *Asma Khanam*	**1-8**
A Comparative Study of Social Media Addiction Among Adolescents and Its Impact on their Parent- Child Relationship *Kalpana Chhonkar / Vandana Saxena*	**9-14**
Unemployment and Poverty in India: An Analytical Study of its Solution. *Dr. Mohd Rizwan Ahmad*	**15-24**
Critical Success Factor Analysis of Vizhinjam International Seaport PPP Project *Salim N.*	**25-36**
Educational disparities among rural urban areas: Refocused efforts to remove them *Sameeksha Sadotra*	**37-43**
An over view of hydroelectric project in Kerala *Aneesh Thomas / Dr. D. Sivakumar*	**45-48**
'अकाल में सारस' (पुस्तक समीक्षा) *डॉ0 सुनीता दुरंगल*	**49-52**
فرزدق کا قصیدہ یمدح سیدنا علیا زین العابدین پر ایک طائرانہ نظر *Dr.Syed Mustafa Murshed Jamal Shah Al-Quadri*	**53-60**
भारतीयता के संवाहक बापू की सर्वकालिक उपादेयता *डॉ0 अनिल कुमार पाण्डेय*	**61-66**
Pradan Mantri Jan Dhan Yojana– A Water Shed Movement of Financial Inclusion *Shiji Mol Thomas*	**67-70**
الدكتور مهدي المخزومي وأسلوبه في التيسير النحوي طفيل محمد بت	**71-78**

Identity Across Nations: A Review on The Middle Passage and an Area of Darkness *Dr. Shangrila Mishra*	**79-90**
کأشرِ رسالہ: تعارُف تہٕ تواریخ *Abid Farooq*	**91-105**
الجاحظ وميزاته الخاصة في كتاباته الدكتور: محمد شاكر عالم	**107-122**
Impact of Covid-19 Pandemic on Sports Tourism *Altaf Ahmed / Dr. Mumtaz Ahmed*	**123-132**

فرزدق کا قصیدہ یمدح سیدنا علیا زین العابدین پر ایک طائرانہ نظر

ڈاکٹر سید مصطفی مرشد جمال شاہ القادری

ایم اے (گولڈ میڈلسٹ)، ایم ایم (فرسٹ کلاس فرسٹ)، پی ایچ ڈی، ڈبلو بی ای ایس

اسسٹنٹ پروفیسر وصدر، شعبۂ عربی، مولانا آزاد کالج، کولکاتا

Dr.Syed Mustafa Murshed Jamal Shah Al-Quadri

M.A.(Gold Medallist),M.M.(1^{st} Class 1^{st}),Ph.D., W.B.E.S

Assistant Professor & Head of the Department of Arabic,

Maulana Azad College, Kolkata West Bengal ,India

فرزدق اموی دور کے ایک مشہور و معروف شاعر تھے۔ان کا مکمل نام ابو فراس ھمام بن غالب التمیمی تھا۔، لیکن وہ اپنے چھوٹے قد

کی وجہ سے فرزدق کے نام سے مشہور تھے۔ فرزدق 12ھ مطابق 633 عیسوی میں، بصرہ کے قریب ایک گاؤں میں پیدا ہوئے اور وہیں پرورش پائی۔ [i] اپنے حریف جریر کی طرح ان کا تعلق قبیلہ تمیم سے تھا۔ لیکن جریر کے خاص قبیلے کلیب کے برعکس، جس میں دولت اور وقار کا فقدان تھا، فرزدق کا قبیلہ داریم امیر اور باا‌ثر تھا۔ان کے والد اور دادا قبیلہ کے نمایاں سردار تھے۔، جو اپنے فلاحی کاموں کے لیے مشہور تھے۔ [ii]

جریر اور اخطل کی طرح فرزدق بھی فطری شاعر تھے اور ان دونوں کی طرح انہوں نے طنز سے شاعری کا آغاز کیا۔ ایک دن فرزدق کے والد فرزدق کو لے کر حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے پاس آءے اور کہا کہ میرا لڑکا بچپن سے ہی بہت بہترین شعر کہتا ہے ۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے یہ سن کر فرمایا فقال علیہ السلام اقرءہ القرآن فھو خیر لہ" [iii] اس کو قرآن پڑھاؤ کیونکہ یہی اس کے لے ء بہتر ہے۔ فرزدق کے ذہن میں یہ بات بیٹھ گی ٔاور انہوں نے قرآن مجید حفظ کر لیا۔ بعد ازاں کئی اموی خلفاء کی کی مدح سرائ اور ھجو گوئ میں مشغول ہوئے۔ خاص طور پر عبد الملک بن مروان کی خوب مدح سرائ کی۔

فرزدق کا ضخیم دیوان بنیادی طور پر تعریف ،مدح، طنز اور ھجو گوئ سے متعلق ہے ۔ وہ احسان کرنے والوں اور ان افراد کی تعریف کرتے تھے جن سے مادی فائدہ کی توقع کی جاتی تھی۔ وہ ان لوگوں کی ھجو گوئ کرتے تھے جو کسی بھی طرح سے اسے

ناراض کرتے تھے۔انھوں نے کئی اموی خلفاءاوران کے امیر بادشاہ کی تعریف کی۔لیکن ان کے **دیوان میں** حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم،ان کے بیٹوں، یااہل بیت کے کسی دوسرے فرد کی تعریف میں کوئی قصیدہ نہیں سوائے اس قصیدہ کے جس کا عنوان ہے یمدح سیدناعلیازین العابدین"[iv]۔جس میں انھوں نے حضرت امام زین العابدین کی مدح سرائی کی ہے۔

حضرت امام زین العابدین حضرت علی بن حسین بن علی، حضرت امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ کے شہزادے ہیں۔ آپ کااسم گرامی علی تھا۔کنیت ابو محمد اور ابوالحسن تھی۔اور لقب زین العابدین اور سید الساجدین تھا۔آپ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ کے سب سے بڑے صاحبزادے تھے۔آپ کی ولادت 5 شعبان 33ہجری مطابق 658 عیسوی کو مدینہ منورہ میں ہوئی۔[v] آپ کی والدہ محترمہ حضرت شہر بانو تھیں جو کہ ایران کی شہزادی تھیں۔

حضرت علی ملقب بہ امام زین العابدین کے والد ماجد حضرت امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ ہیں۔آپ کے عم محترم امام مسموم حضرت امام حسن رضی اللہ تعالی عنہ ہیں۔آپ کے دادا شیر خدا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجھہ الکریم ہیں۔

حضرت امام زین العابدین نے براہ راست آغوش علی بن ابی طالب میں پرورش پائی اور اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ حضرت امام زین العابدین اخلاق حسنہ کے مجسم پیکر بن گئے۔آپ کی فطرت نورانی تھی۔حاملِ علم وحکمت تھے۔صاحب عبادت وریاضت تھے اور مظھر شجاعت وشرافت تھے۔آپ بہت بڑے عابد وزاہد تھے، پیکر صدق وصفا تھے۔آپ اپنے زمانے کے تمام لوگوں سے زیادہ عبادت کرنے والے تھے ۔ آپ روز آنہ بلاناغہ ایک ہزار رکعت نفل نماز پڑھا کرتے تھے اسوجہ سے آپ کا لقب سید الساجدین پڑ گیا۔آپ روزآنہ بلاناغہ ایک ہزار رکعت نفل نماز پڑھا کرتے تھے۔جب آپ وضو کرتے توخوف الٰہی سے آاپ کا چہرا زرد ہو جاتااور آپ کے جسم مقدس پر لرزہ طاری ہو جاتا تھا۔ایک مرتبہ آپ نماز پڑھ رہے تھے کہ مکان میں آگ لگ گئی مگر آپ نماز میں مشغول رہے۔لوگوں نے آاگ بجھا کر عرض کیا، حضور آپ کا مکان جلتارہااور آپ نماز پڑھتے رہے۔آپ نے فرمایاالحمد للہ میں عبادت الہی میں اسقدر محو ہو گیا تھا کہ مجھے اس دنیااور مافیھا کی خبر تک نہ ہوئی۔[vi]

آپ قرآن مجید کے بہت بڑے عالم وحافظ اور علم دین کے بہت بڑے مبلغ اور معلم تھے۔کشف حقائق اور باریکیوں کو بیان کرنے میں آپ کا مرتبہ بہت بلند تھا۔فقہ واصول اور علم کلام میں آپ ید طولی رکھتے تھے۔مشہور فقیہ اور عالم دین امام ابو حنیفہ آپ کے شاگردوں اور مریدوں میں سے تھے۔[vii]

اللہ تعالی کے حضور میں آپ کی دعاؤں اور مناجات کا مجموعہ صحیفہ سجادیہ ساری دنیامیں مشہور ومعروف ہے۔آپ اللہ تعالی کے حضور میں یوں دعا مانگتے ہیں۔الحمد للہ الاول بلااول کان قبلہ، والاخر بلا آخر یکون بعدہ،الذی قصرت عن رؤیتہ ابصار الناظرین،وعجزت عن نعتہ اوھام الواصفین،[viii] سب تعریفیں اللہ تعالی کے لیے ہیں جواول وآخر ہے جس کے دیدار سے انسان کی نظریں قاصر ہیں،اور جس کی (کماحقہ) حمد وثنابیان کرنے سے انسان کے اذہان وافکار خالی ہیں۔

آپ سرورِ عالم حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت مشابہت رکھتے تھے اس وجہ سے آپ کو ہم شبیہ پیغمبر اور ہم شکل نبی بھی کہا جاتا ہے۔ 10 محرم الحرام 61 ہجری کو عاشورہ کا غم ناک واقعہ پیش آیا اور حضرت امام حسین کو ان کے فرزندوں اور احباب سمیت شہید کر دیا گیا۔ اس وقت خاندان اہل بیت کے مرد حضرات میں حسینی سادات میں سے صرف حضرت امام زین العابدین ہی زندہ بچ گئے تھے جو اس وقت بستر علالت میں شدید بیمار تھے۔

واقعہ کربلا کے بعد ایک مرتبہ ایک شخص آپ کے پاس اپنی جان بچانے کے لئے آیا۔ حضرت امام زین العابدین نے اس کو اپنے گھر میں پناہ دی اور اسے کھلایا پلایا۔ جب وہ شخص جانے لگا تو حضرت امام زین العابدین نے فرمایا۔ میں نے تمہیں پہچان لیا ہے تم وہی شخص ہو جو کربلا میں میرے خاندان والوں پر تیر برسانے میں سب سے پیش پیش تھے اس وقت اس شخص نے پوچھا تو آپ نے مجھے پناہ کیوں دی۔ حضرت امام زین العابدین نے فرمایا وہ تمہارا کردار تھا اور میرا یہ حسن سلوک اہل بیت کا کردار اور اخلاق ہے جن کے متعلق اللہ تبارک و تعالیٰ نے آیت تطہیر " **انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھرکم تطھیرا**"[ix] نازل کی ہے۔ یہ سن کر وہ شخص بے حد شرمندہ ہوا۔[x]

الغرض زین العابدین صورت میں بھی نقشہ رسول الثقلین تھے اور سیرت مین بھی آپ ہی کا جلوہ عین بعین تھے۔ آپ جود و سخا اور خیر و عطا کے منبع تھے۔ آپ کے خطبات وارشادات میں وہ اثر آفرینی تھی کہ سامعین کے دل ہل جاتے تھے اور آنکھیں اشک بار ہو جاتی تھیں۔ آپ تلاوت فرماتے تو معلوم ہوتا جیسے کتاب مقدس کا نزول ہو رہا ہے۔

آپ بہت ہی صابر و شاکر تھے۔ کربلا کے واقعہ کے بعد آپ نے ضبط و تحمل اور صبر و برداشت کا جو نمونہ پیش کیا اس کی مثال تاریخ اسلام پیش کرنے سے قاصر ہے۔ واقعہ کربلا کے بعد آپ 34 سال زندہ رہے اس دوران آپ نے کبھی بھی مسکرایا نہیں۔ مشہور صوفی ولی حضرت شیخ علی ہجویری المعروف بہ داتا گنج نے اپنی معرکۃ الآراء تصنیف کشف المحجوب میں آپ کو سید مظلومین یعنی مظلومین کے سردار کے نام سے یاد کیا ہے۔[xi] حضرت امام زین العابدین کی شہادت 18 محرم الحرام 95 ہجری میں ہوئی[xii]۔ آپ کو جنۃ البقیع میں آپ کی دادی جان لختِ دلِ مصطفیٰ حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا کے پہلو میں دفن کیا گیا۔

ایک مرتبہ امیہ خلیفہ ہشام بن عبدالملک بن مروان *ایک* اپنی خلافت کے زمانے میں ایک سال حج کے لیے آیا اور خانہ کعبہ کے طواف کے بعد حجر اسود کو بوسہ دینے کے لئے اس کی طرف بڑھا لیکن ہجوم کی وجہ سے وہ حجر اسود تک پہنچ نہیں سکا۔ جب وہ منبر پر کھڑا ہوا تو حضرت امام زین العابدین تشریف لائے۔ طواف کے بعد جب وہ حجر اسود کی طرف بڑھے تو تمام لوگ پیچھے ہٹ گئے۔ اور آپ کے لئے راستہ کشادہ کر دیا۔ امیہ خلیفہ ہشام بن عبدالملک بن مروان کے ساتھ جو لوگ شام سے آئے تھے انہیں یہ دیکھ کر حیرت ہوئی۔ اور انہیں سے ایک نے ہشام سے دریافت کیا۔ یہ نوجوان کون ہے۔ لوگوں نے تو آپ کی کوئی پرواہ

نہیں کی حالانکہ آپ امیر المومنین ہیں اور اس نوجوان کی اس قدر تعظیم کر رہے ہیں۔ ہشام شرمندہ ہو گیا اور اپنی بے عزتی پر پردہ ڈالنے کے لئے از راہ تجاہل عارفانہ جواب دیا کہ میں اس نوجوان کو نہیں جانتا کہ "من ھذا" یہ وہ کون ہے۔[xiii]

فرزدق ہشام کا درباری شاعر اور قصیدہ گو تھا۔ اس نے جب ہشام کے منہ سے یہ اہانت آمیز کلمات سنا تو اس کی غیرت ایمانی میں جوش آگیا۔ وہ قادر الکلام شاعر تھا۔ اس نے ہشام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا اگر تم کو نہیں معلوم کہ یہ کون ہے تو پھر غور سے سنو۔ میں تمہیں بتاتا ہوں کہ یہ کون ہیں۔ اس کے بعد فرزدق نے حضرت علی زین العابدین کی شان اقدس میں تعارفی قصیدہ کے فی البدیہہ اشعار کہنا شروع کیا جسے سن کر ہشام بن عبدالملک کے پسینے چھوٹنے لگے۔ فرزدق کے پہلے تعارفی شعر سے ہشام کے دانت کھٹے ہو گئے۔ فرزدق نے شعر کہنا شروع کیا:

(1) ھذا الذی تعرف البطحاء وطاتہ — والبیت یعرفہ والحل والحرم[xiv]

یہ وہ ہیں جن کے قدموں کے نشان تک کو وادی بطحا، یہ گھر یعنی کعبہ شریف، حرم اور حرم کے باہر کے علاقہ (حل) سب پہچانتے ہیں۔

(2) ھذا ابن خیر عباد اللہ کلھم — ھذا التقی النقی الطاھر العلم

یہ خدا کے بندوں میں سے سب سے بہترین بندے کے فرزند ہیں۔ یہ سب سے پرہیزگار، سب سے پاکیزہ صفت اور سب سے زیادہ بے داغ نشان والے ہیں۔

(3) ھذا ابن فاطمۃ الزھراء ان کنت جاھلہ — وبجدہ انبیاء اللہ قد ختم

(اگر تو نہیں جانتا ہے تو سن) یہ فاطمۃ الزہرا کے نور نظر ہیں۔ یہ وہ ہیں جن کے جد امجد پر خدا کے انبیاء کا سلسلہ ختم ہوا ہے۔

(4) ینشق نور الدجی عن نور غرتہ — کا الشمس تناجب عن اشراقھا الظلم

یہ وہ ہیں جن کی پیشانی کے نور سے ہدایت کی روشنی پھیل جاتی ہیں جیسے سورج کے طلوع ہونے سے تمام اندھیرے چھٹ جاتے ہیں۔

(5) یغضی حیاء ویغضی من مھابتہ — فلایکلم الا حین یبتسم

یہ وہ جلیل القدر شخصیت ہیں جو اپنی حیاء کی وجہ سے اپنی آنکھیں نیچی رکھتے ہیں اور لوگ ان کی ہیبت و جلال کی وجہ سے ان کے روبرو آنکھ اونچی نہیں کر سکتے اور جب یہ بات کرتے ہیں تو منھ سے پھول جھڑتے ہیں۔

(6) اذا راتہ قریش قال قائلھا — الی مکارم ھذا ینتھی الکرم

یہ وہ ہیں جنھیں قریش و مکہ معظمہ کے لوگ جب دیکھتے ہیں تو ہر ایک بول اٹھتا ہے کہ بخشش وعطا اور خصائل حمیدہ ان کی ذات پر ختم ہوتے ہیں۔

(7) ینمی الی ذروۃ العزالتی قصرت — عن نیلھا عرب الاسلام والعجم

یہ عزت و شوکت کی ان چوٹیوں پر چڑھے ہیں جن پر عرب و عجم کے مسلمانوں میں سے کوئی دوسرا نہیں چڑھ سکا ہے۔

(8) من جده دان فضل الانبياء لہ وفضل امتہ دانت لہ الامم

علامہ اقبال ایک طرف توحید کے علمبردار تھے تو دوسری طرف رسالت کے پاسباں تھے۔ وہ ایک طرف اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا پرزور اعلان کرتے ہیں تو دوسری طرف حضور رسول پاک ﷺ کی رسالت کے نعرے بلند کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ مثلاً ترانۂ ملی سے ان کے چند اشعار ملاحظہ فرمائیں:

توحید کی امانت سینوں میں ہے ہمارے
آساں نہیں مٹانا نام و نشاں ہمارا
دنیا کے بت کدوں میں پہلا وہ گھر خدا کا
ہم اس کے پاسباں ہیں ، وہ پاسباں ہمارا
اے ارض پاک تیری حرمت پہ کٹ مرے ہم
ہے خوں تری رگوں میں اب تک رواں ہمارا
سالار کارواں ہے میر حجاز اپنا
اس نام سے ہے باقی آرام جاں ہمارا
قوت عشق سے ہر پست کو بالا کر دے
دہر میں اسم محمدؐ سے اجالا کر دے

سیدنا حضرت محمد ﷺ سے اپنی وفاداری کو علامہ اقبال اپنے نرالے انداز میں کچھ اس طرح بیان کرتے ہیں:

کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا ، لوح و قلم تیرے ہیں

وہ دوسری جگہ فرماتے ہیں:

میری نوائے شوق سے شور حریم ذات میں
غلغلہ ہائے الاماں بت کدۂ صفات میں
عشق دم جبرئیل ، عشق دل مصطفیٰ
عشق خدا کا رسول ، عشق خدا کا کلام

اقبال شرک کے زبردست مخالف تھے۔ اقبال دل سے کلمہ طیبہ لا الہ اللہ محمد رسول اللہ کو مانتے اور اس پر

عمل کرنے کی تلقین کرتے تھے اور وہ اس بات کو مانتے تھے کہ اگر مسلمان دل سے کلمہ طیبہ کو مانیں اور اس پر عمل کریں تو دین و دنیا میں یہ کلمہ طیبہ ان کی نجات کا ضامن ہوگا۔ اقبال اس لئے کہتے ہیں:

رہے گا تو ہی جہاں میں یگانہ و یکتا
اتر گیا جو ترے دل میں لا شریک لہ

علامہ اقبال فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی ذات اقدس سے محبت وعشق کرنے سے ہی ہمارے لئے دنیا و آخرت میں کامیابی ہے اور آپ کی سیرت و کردار کو اپنانے سے اور اس پر عمل کرنے ہی سے تمام مصائب و مسائل حل ہوتے ہیں۔ اس لئے وہ کہتے ہیں کہ حقیقتاً اللہ تعالی نے حضور ﷺ کی ذات کے وجود کے سبب ہی اس دنیا کو پیدا کیا ہے:

ہو نہ یہ پھول تو بلبل کا ترنم بھی نہ ہو
چمن دہر میں کلیوں کا تبسم بھی نہ ہو
یہ نہ باقی ہو تو پھر مے بھی نہ ہو خم بھی نہ ہو
بزم توحید بھی دنیا میں نہ ہو، تم بھی نہ ہو
خیمہ افلاک کا استادہ اسی نام سے ہے
نبض ہستی تپش آمادہ اسی نام سے ہے

اللہ تبارک وتعالی نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے ورفعنا لك ذكرك (۳۰واں پارہ عم، سورہ الم نشرح آیت نمبر ۴)

(اے محمد ﷺ) ہم نے آپ کے لئے آپ کے ذکر کو بلند کیا ہے۔ علامہ اقبال نے اپنی شاعری میں اس آیت کی تفسیر کرنے کی کوشش کی ہے۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں کہ حضور رسول پاک ﷺ کا ذکر پہاڑ کی چوٹیوں پر، سمندر کی گہرائیوں میں، طوفان کی موجوں میں ہر جگہ پایا جاتا ہے۔ جہاں جہاں خدا کی خدائی پائی جاتی ہے وہاں وہاں مصطفی کی مصطفائی پائی جاتی ہے۔ خدا رب العالمین ہے اور حضور رسول پاک رحمۃ للعالمین ہیں۔ اس لئے ہم دیکھتے ہیں کہ پانچ وقت اذان میں اللہ تعالی کی وحدانیت کا ذکر ہوتا ہے اسی طرح حضور رسول پاک کی رسالت کا بھی ذکر ہوتا ہے۔ اقامت میں بھی اللہ تبارک وتعالی کے ذکر کے ساتھ ساتھ اس کے پیارے حبیب ﷺ کا بھی ذکر ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ ہماری نماز اس وقت تک مکمل نہیں ہوسکتی ہے۔ جب تک ہم لا الہ الا اللہ کے ساتھ محمد عبدہ ورسولہ کی شہادت نہ دیں۔ پھر آخیر میں حضور رسول پاک ﷺ پر اور ان کی آل پر درود پڑھنا بھی ضروری ہے۔ لھذا علامہ اقبال نے حضور رسول پاک ﷺ کی رفعت شان اور عظمت بیان کو اپنے اشعار میں کچھ اس طرح بیان کیا ہے:

دشت میں، دامن کہسار میں، میدان میں ہے
بحر میں، موج کی آغوش میں طوفان میں ہے

چین کے شہر، مراقش کے بیابان میں ہے
اور پوشیدہ مسلمان کے ایمان میں ہے
چشم اقوام یہ نظارہ ابد تک دیکھے
رفعت شان رفعنا لک ذکرک دیکھے

مٹی میں بیج ڈالی جاتی ہے اور پھر اس سے تاریک مٹی کے اندر سے پودا نکلتا ہے۔ اس پودے کو نکالنے والا کون ہے؟ بادل جو آسمان پر نظر آتا ہے۔ اس کو دریا کے موجوں سے اٹھانے والا کون ہے؟ پچھم سے جو ہوا چلتی ہے اس کا محرک کون ہے۔ یہ زمین کس نے پیدا کی ہے؟ سورج روشن و تابناک نظر آتا ہے۔ سورج کو روشن و تابناک کس نے بنایا ہے؟ گندم کے خوشہ میں موتیوں طرح گندم کس نے اگایا ہے؟ تبدیلی موسم کا حکم کس نے دیا ہے؟ علامہ اقبال کہتے ہیں یہ زمین یہ دنیا میری بھی نہیں ہے، تیری بھی نہیں ہے۔ میرے اور تیرے آباو اجداد کی بھی نہیں ہے بلکہ اس کا مالک ومختار پروردگار عالم ہے۔ مذکورہ بالا تمام اشیاء کا خالق و مالک اور حاکم حقیقی اللہ تبارک وتعالی ہے۔ جس کے حکم سے ساری چیزیں وجود میں آئی ہیں۔ ان چیزوں کی حرکات وسکنات اللہ ہی کے حکم کے تابع وفرمان بردار ہیں اور تمام حکم اللہ ہی کے لئے ہے، الامر للہ۔ تمام ارضیات اللہ تبارک وتعالی کے لئے ہیں۔ جیسا کہ اللہ تبارک وتعالی روز محشر خود فرمائے گا۔ لمن الملك اليوم؟ آج ملک وسلطنت کس کے لئے ہے؟ علامہ اقبال فرماتے ہیں کہ الارض للہ۔ یہ زمین یعنی یہ دنیا اللہ ہی کے لئے ہے۔ اسی بات کو وہ اپنے مخصوص انداز میں یوں بیان کرتے ہیں:

پالتا ہے بیج کو مٹی کی تاریکی میں کون
کون دریاؤں کی موجوں سے اٹھاتا ہے سحاب
کون لایا ہے پچھم سے باد سازگار
خاک یہ کس کی ہے، کس کی ہے یہ نور آفتاب
کس نے بھر دی موتیوں سے خوشۂ گندم کی جیب
موسموں کو کس نے سکھلائی ہے خوئے انقلاب
دہ خدایا، یہ زمیں تیری نہیں، تیری نہیں
تیرے آبا کی نہیں، تیری نہیں میری نہیں

نبوت کے بارہویں سال ۲۷ویں رجب کی شب کو سیدنا حضور رسول کریم ﷺ کو اللہ تعالی نے معراج کی نعمت عطا فرمائی۔ جو حضور اکرم ﷺ کا سب سے بڑا معجزہ ہے۔ اللہ تعالی نے اپنی نشانیاں دکھانے کے لئے حضور ﷺ کو ان کے جسم اقدس کے ساتھ ایک لمحے میں مسجد حرام سے مسجد اقصی تک کی سیر کرائی جس کے اردگرد اللہ نے برکتیں نازل فرمائی ہیں۔ جس کا ذکر اللہ پاک نے قرآن مجید کے پندرہویں پارہ سورہ اسراء میں کیا ہے:

سبحان الذی اسری بعبدی لیلا من المسجد الحرام الی المسجد

الاقصی الذی بارکنا حولہ لنریہ من آیاتنا انہ ھو السمیع البصیر۔

(۱۲)(القرآن سورۃ بنی اسرائیل ۱۵ پارہ سبحن الذی، آیت نمبر ۱)

یعنی پاک ہے وہ ذات جو لے گیا اپنے بندے کو رات کے ایک ایک مختصر حصے میں مسجد حرام سے مسجد اقصی تک جس کے ارد گرد ہم نے (اللہ نے) برکتیں نازل فرمائی ہیں۔ اپنی نشانیاں دکھانے کے لئے، بیشک وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔ علامہ اقبال قرآن کی اس آیت کے لفظ عبدہ کی تفسیر اپنی شاعری میں کچھ اس طرح بیان فرماتے ہیں:

عبدہ از فہم تو بالا تر است

زانکہ او ہم آدم و ہم جوہر است

یعنی اللہ کا بندہ تیرے فہم سے بالاتر ہے اس لئے کہ وہ آدمی بھی ہے اور اس کا جوہر بھی۔

جوہر او نے عرب نے عجم است

آدم است و ہم ز آدم اقدم است

اس کا جوہر نہ عرب سے وابستہ ہے نہ عجم سے۔ وہ آدم ہونے کے باوجود آدم سے بھی بہت قدیم ہے:

عبد دیگر عبدہ چیزے دیگر

ما سراپا انتظار او منتظر

بندہ کچھ اور چیز ہے اور بندۂ حق کچھ اور، ہم سراپا انتظار ہیں اور منتظر

عبدہ با ابتدا بے انتہا است

عبدہ را صبح و شام ما کجا است

یعنی بندہ حق کی ابتدا ہے مگر انتہا نہیں ہے۔ بندہ حق ہم جیسا صبح و شام نہیں رکھتا

کس ز سر عبدہ آگاہ نیست

عبدہ جز سر الا اللہ نیست

یعنی کوئی شخص عبدہ کے صحیح راز سے آگاہ نہیں ہے۔ عبدہ کلمہ توحید کے راز کے سوا کچھ نہیں ہے

لا الہ تیغ و دم او عبدہ

فاش تر خواہی بگو ھو عبدہ

لا الہ تیغ ہے۔ اور اس کی دھار عبدہ اور اگر تو اسے اور واضح کرنا چاہتا ہے تو کہہ ھو عبدہ

معراج کی رات حضور ﷺ مسجد حرام سے مسجد اقصی پہنچے تو تمام انبیا علیہ السلام وہاں موجود تھے، حضور ﷺ نے تمام انبیا کی امامت فرمائی۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ مسجد اقصی میں حضور ﷺ نے انبیا کی

امامت کیوں فرمائی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ حضور ﷺ تمام انبیاء کے بعد دنیا میں تشریف لائے۔ یہ خیال پیدا ہوسکتا تھا کہ آخر میں آنے والا شاید مرتبہ میں بھی آخر ہو۔ مسجد اقصی میں حضور ﷺ تمام انبیا کے آگے موجود تھے تا کہ کائنات دیکھ سکے کہ پیچھے آنے والا آگے اور آگے آنے والا پیچھے موجود ہے تا کہ ثابت ہو سکے هو الاول هو الآخر

ڈاکٹر اقبال فرماتے ہیں:

وہ دانائے سبل ختم الرسل مولائے کل جس نے
غبار راہ کو بخشا فروغ وادئ سینا
نگاہ عشق و مستی میں وہی اول وہی آخر
وہی قرآں وہی فرقاں وہی یسین وہی طہ

گویا کہ اقبال نے قرآن شریف کی مندرجہ ذیل آیت کا ترجمہ اور تفسیر وتشریح کرنے کی کوشش کی ہے

هو الاول و الآخر و الظاهر و الباطن وهو بكل شئی علیم

اس آیت کے متعلق حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی اپنی کتاب مدارج النبوۃ جلد اول صفحہ ا میں فرماتے ہیں کہ یہ آیت حمد بھی ہے اور نعت بھی۔

پھر اللہ تعالی نے حضور ﷺ کو مسجد اقصی سے ملائے اعلی تک کا سفر کرایا جس کا ذکر اللہ پاک نے قرآن کریم کے ستائیسویں پارے والنجم میں بیان فرمایا ہے۔:

والنجم اذا هوى. ماضل صاحبكم وما غوى. وما ينطق عن الهوى

(۱۵) (القرآن، سورۃ النجم، ۲۷ پارہ آیت نمبر ۱۔۳)

علامہ اقبال اسی واقعۂ معراج کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار اپنی شاعری میں اپنے انداز میں یوں کرتے ہیں:

دے ولولۂ شوق جسے لذت پرواز
کرسکتا ہے وہ ذرہ مہ و مہر کو تاراج
مشکل نہیں یاران چمن معرکۂ باز
پرسوز اگر ہو نفس سینۂ دراج
ناوک ہے مسلماں ہدف اس کا ہے ثریا
ہے سر سرا پردۂ جاں نکتۂ معراج
تو معنی والنجم نہ سمجھا تو عجب کیا
ہے تیرا مد و جزر بھی چاند کا محتاج

علامہ اقبال نے اپنی فریاد اور اپنی بیچارگی اور اپنی بے بسی کا ذکر بھی اپنی شاعری میں کیا ہے۔ انہوں نے

اپنے تصورات میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سایہ رحمت میں حاضری کا ذکر بھی اپنے اشعار میں بہت خوبصورت انداز میں کیا ہے:

گراں جو مجھ پہ ہنگامۂ زمانہ ہوا
جہاں سے باندھ کر رخت سفر روانہ ہوا
قیود شام و سحر میں بسر تو کی لیکن
نظام کہنہ عالم سے آشنا نہ ہوا
فرشتے بزم رسالت میں لے گئے مجھ کو
حضور آیہ رحمت میں لے گئے مجھ کو

رحمۃ اللعالمین کے حضور میں اپنی فریاد اور آہ وزاری کو علامہ اقبال پھر کچھ اس طرح بیان کرتے ہیں:

حضور دہر میں آسودگی نہیں ملتی
تلاش جس کی ہے وہ زندگی نہیں ملتی
ہزاروں لالہ و گل ہیں ریاض ہستی میں
وفا کی جس میں ہو بو وہ کلی نہیں ملتی
مگر میں نذر کو اک آبگینہ لایا ہوں
جو چیز اس میں ہے جنت میں نہیں ملتی
جھلکتی ہے تیری امت کی آبرو اس میں
طرابلس کے شہیدوں کا ہے لہو اس میں

علامہ اقبال مسلمانوں کی خستہ حالی پر پریشان نظر آتے ہیں اور اپنے نبی حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم سے فریاد کررہے ہیں کہ اے رسول خدا! آپ ہی اللہ وتبارک تعالیٰ سے فریاد کر کے ملت اسلامیہ کی کشتی کو ڈوبنے سے بچالیجئے چنانچہ آپ لکھتے ہیں:

پھر وہ شراب کہن مجھ کو عطا کر کہ میں
ڈھونڈ رہا ہوں اسے توڑ کے جام و سبو
شیرازہ ہوا ملت مرحوم کا ابتر
اب تو ہی بتا تیرا مسلماں کدھر جائے

علامہ اقبال اپنی نظم ''ذوق وشوق'' میں عشق رسول کا نمونہ پیش کرتے ہیں۔ اقبال تصور کرتے ہیں کہ وہ حضور رسول پاک کے آستانے مدینہ منورہ پہنچے ہیں، اور محبت رسول میں ڈوبے ہوئے ہیں اس لئے وہ لکھتے ہیں:

اے باد صبا کملی والے سے جا کہیو پیغام میرا
قبضے سے امت بیچاری کے دیں بھی گیا دنیا بھی گئی

علامہ اقبال کا نظریہ ہے کہ معشوق تو عاشق کا پیارا ہوتا ہی ہے، معشوق کی ہر چیز عاشق کو پیاری ہوتی ہے۔ اس لئے علامہ اقبال ہر اس شخص کے ساتھ عشق و محبت کا اظہار کرتے نظر آتے ہیں جو اللہ کے رسول کا محبوب ہے یا جو اللہ اور اس کے رسول کو محبوب رکھتا ہے۔

چنانچہ کہیں تو وہ خلیفہ اول سیدنا صدیق اکبر کی تعریف کرتے نظر آتے ہیں تو کہیں ہو نواسہ رسول سیدنا حضرت امام حسین کی مدح سرائی کرتے نظر آتے ہیں۔ شہزادہ امام حسین کی شان علامہ اقبال کے چند اشعار سنئے:

آں امام عاشقاں پور بتول　　سرو آزادی زبستان رسول

بہر آں شہزادہ خیر الملل　　دوش ختم المرسلیں نعم الجمال

نقش الا اللہ بر صحرا نوشت　　سطر عنوان نجات ما نوشت

رمز قرآں از حسین آموختیم　　ز آتش او شعلہ ہا اندوختیم

دوسری جگہ لکھتے ہیں:

اللہ اللہ بائے بسم اللہ پدر　　معنی ذبح عظیم آید پسر

غریب و سادہ و رنگیں ہے داستان حرم
نہایت اس کی حسین ابتدا ہے اسماعیل

ڈاکٹر اقبال نے ذبح عظیم سے اس آیت کی طرف اشارہ کیا ہے۔ وفدیناہ بذبح عظیم۔ اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ اس کے فدیہ میں دے کر اسے بچالیا۔

علامہ اقبال کہتے ہیں کہ حضرت بلال ایک حبشی غلام تھے۔ نہ کوئی عزت تھی نہ وقار۔ مکہ کی گلیوں میں ذلیل دخوار پھرتے تھے لیکن جب غلامی رسول کا پٹہ اپنے گلے میں ڈال کر عاشق رسول ہو گئے تو حضور ﷺ نے انہیں اس قدر نوازا کہ ایک دن سرور عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا "مالی یا بلال قد وجدت خشخشتک اماحی فی الجنۃ" یعنی اے بلال جب میں جنت کی سیر کو گیا تو میں نے تیرے قدموں کی آہٹ اپنے آگے آگے پائی۔ یعنی جس طرح چوب دار اور خادم بادشاہ کے آگے آگے چلتے ہیں۔ تو بھی جنت میں خادم اور چوبداری کی حیثیت سے میرے آگے آگے چل رہا ہے لہٰذا علامہ اقبال فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی عشق و محبت نے حضرت بلال کو فنا فی اللہ کر کے بقا باللہ کے درجے میں پہونچا دیا۔ چنانچہ اقبال لکھتے ہیں:

لیکن بلال وہ حبشی زادۂ حقیر　　فطرت تھی جس کی نور نبوت سے مستنیر

جس کا امیں ازل سے ہوا سینہ بلال　　محکوم اس صدا کے ہیں شاہنشہ و فقیر

اقبال کس کے عشق کا یہ فیض عام ہے　　رومی فنا ہوا حبشی کو دوام ہے

علامہ اقبال کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی صداقت اور حضرت امام حسین علیہ السلام کا معرکہ حنین بھی دراصل عشق خدا اور عشق رسول ہی کی وجہ سے ظہور میں آیا۔ چنانچہ آپ کہتے ہیں:

صدق خلیل بھی ہے عشق ، صبر حسین بھی ہے عشق
معرکۂ وجود میں بدر و حنین بھی ہے عشق

علامہ اقبال ایک صوفی خاندان سے تعلق رکھتے تھے اوران کے والد بزرگوار ایک صوفی منش آدمی تھے۔ خود ڈاکٹر علامہ اقبال صاحب سلسلۂ قادریہ میں بیعت تھے جیسا کہ علامہ اقبال نے خود اس بات کا اعتراف ایک خط میں کیا ہے۔ جس کو انہوں نے مولانا سید سلیمان ندوی کے نام لکھا ہے۔ چنانچہ علامہ اقبال خود لکھتے ہیں:

''خواجہ نقشبند اور مجدد سرہند کی میرے دل میں بہت بڑی عزت ہے مگر افسوس کہ آج یہ سلسلہ بھی عجمیت کے رنگ میں رنگ گیا ہے۔ یہی حال سلسلہ قادریہ کا ہے۔ جس میں میں خود بیعت رکھتا ہوں، حالانکہ حضرت محی الدین کا مقصود اسلامی تصوف کو عجمیت سے پاک کرنا تھا۔'' (اقبال نامہ۔ صفحہ ۷۹)

علامہ اقبال کو رسول اللہ ﷺ کی نبوت پر اعتقاد کامل تھا بلکہ آپ کے ساتھ انتہا درجہ کا عشق بھی تھا یہی وجہ ہے کہ جب حضور ﷺ کا نام مبارک یا ذکر مبارک کسی کی زبان پر آجاتا تھا تو ان کی آنکھیں بے اختیار اشک بار ہو جاتیں۔ ایک مرتبہ مولانا اسلم جیراج پوری علامہ اقبال کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، اس وقت علامہ اقبال نے انہیں ایک شعر سنایا جس میں علامہ اقبال اللہ تبارک وتعالیٰ کو مخاطب کر کے کہتے ہیں:

تو باش اینجا و با خاصاں بیا میز
کہ من دارم ہوائے منزل دوست

یہ شعر سناتے ہی آنکھیں بھیگ گئیں، آواز بند ہوگئی، اور آنکھوں سے آنسو ٹپکنے لگے۔

علامہ اقبال عشق مصطفیٰ کی انتہا پر پہنچ گئے ہیں اور اس لئے ان کی دلی تمنا ہے کہ وہ سیدنا حضور رحمۃ للعالمین ﷺ کے مدینہ المنورۃ اور حضرت علی بن ابی طالب کے نجف اشرف کی خاک کو اپنی آنکھوں کا سرمہ بنانے چاہتے ہیں، اس لئے خود لکھتے ہیں:

خیرہ نہ کر سکا مجھے جلوۂ دانش فرنگ
سرمہ ہے میری آنکھ کا خاک مدینہ و نجف

لہٰذا علامہ اقبال عاشق خدا بھی ہیں اور عاشق مصطفیٰ بھی ہیں اور انہوں نے عاشق خدا اور عاشق مصطفیٰ کے پیغامبر کی حیثیت سے اپنے فرائض بخوبی انجام دیئے ہیں کیونکہ وہ بخوبی جانتے تھے کہ اللہ سے عشق اسی وقت ہوسکتا ہے جب ہم ان کے محبوب کے بتائے ہوئے راستے پر عمل پیرا ہوں اور محبوب خدا یعنی رسول خدا سے عشق اسی وقت ہوسکتا ہے جب اللہ تعالیٰ کے بتلائے ہوئے طریقے کی اتباع کریں لہٰذا ان کی شاعری قرآن کی ان مندرجہ ذیل آیتوں کی جا بجا تفسیر وتشریح معلوم ہوتی ہے:

قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ
(اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری اتباع کرو اللہ تم سے محبت کریگا)

(القرآن۔ ۳پارہ تلک الرسول،سورہ آل عمران،آیت نمبر۳۱)

من یطع الرسول فقد اطاع اللہ

اور جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے بلا شبہ اللہ تعالیٰ ہی کی اطاعت کی ہے

اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں اللہ اور اس کے رسول کے طریقے پر چلنے کی توفیق رفیق عطا فرمائیں اور ہمارے دلوں کو عشق خدا اور عشق رسول کے نور سے منور فرمائیں (آمین ثم آمین)

کتابیات

۱) القرآن المجید

۲) علامہ اقبال حیات وخدمات،ڈاکٹر نعیم انیس،مغربی بنگال اردو اکیڈمی،کلکتہ،۲۰۱۵

۳) اقبال کامل،عبد السلام ندوی،دارالمصنفین،شبلی اکیڈمی یوپی،جون ۲۰۰۹

۴) اقبال کا تصور عشق،شبنم منیر،ایجوکیشنل پبلیشنگ ہاؤس دہلی،۲۰۰۸

۵) کلیات اقبال،فرید بک ڈپو،دہلی،مارچ ۲۰۰۴

۶) فکر اقبال،ڈاکٹر خلیفہ عبد الحکیم،دارالاشاعت مصطفائی،دہلی

۷) آپ بیتی،علامہ اقبال،ڈاکٹر خالد ندیم،،مغربی بنگال اردو اکیڈمی

۸) اقبال فن وفلسفہ،نورالحسن نقوی،،ایجوکیشنل بک ہاؤس علی گڑھ

۹) انتخاب کلیات اقبال فارسی،ایم رمضان گوہر،
اعتقاد پبلیشنگ ہاؤس پرائیویٹ لمیٹیڈ،نئی دہلی ۲۰۱۲

❖❖❖

DR.SYED MUSTAFA MURSHED JAMAL SHAH AL-QUADRI
M.A,(Gold Medalist),M.M.(1st Class 1st),Ph.D.,W.B.E.S
Assistant Professor and Head of the Department of Arabic
Maulana Azad College,Kolkata,West Bengal
Mobile: 8017700751

ABCD Indexed Journal

ISSN 2348-7119

UGC Care List Approved Journal

RNI No. : WBURD/0335/98 (T.C)

Vol. : 24 Issue : 72
January - 2023
to
March - 2023
₹ 200/-

A Literary Urdu Quarterly

SEHMAHI
MIZGAAN
KOLKATA

مژگان

Editor : Dr. Naushad Momin

Mobile :
09830126311

21 BC, Alimuddin Street, Kolkata-16 Ahmed Villa, 85 J, Topsia Rd. Kol-39
E-mail : mizgaanpublications@gmail.com / naushadmomin@rediffmail.com

ڈاکٹر امیر حمزہ
کی اولین
تحقیقی کاوش

Printer and Publisher M. N. Kashif, Printed at Print Home, 2 Beniapukur Lane, Kol-14
& Published from 85J, Topsia Road, Kolkata-700039. Proprietor Talat Feroze Ansari,
85J, Topsia Road, Kolkata-700039. Editor (Hony) :Naushad Momin

ABCD Indexed Journal

UGC Care List Approved Journal

ISSN 2348-7119

RNI No. : WBURD/0335/98 (T.C)

Vol. : 24 Issue : 72

January - 2023
to
March - 2023

₹ 200/-

A Literary Urdu Quarterly

SEHMAHI

MIZGAAN

KOLKATA

Mobile :
09830126311

Editor : Dr. Naushad Momin

21 BC, Alimuddin Street, Kolkata-16 Ahmed Villa, 85 J, Topsia Rd, Kol-39

E-mail : mizgaanpublications@gmail.com / naushadmomin@rediffmail.com



Printer and Publisher M. N. Kashif, Printed at Print Home, 2 Beniapukur Lane, Kol-14 & Published from 85J, Topsia Road, Kolkata-700039. Proprietor Talat Feroze Ansari, 85J, Topsia Road, Kolkata-700039. Editor (Hony) :Naushad Momin

sabaqeurdu.com
ISSN-2321-1601
UGC CARE LISTED MONTHLY JOURNAL

سبقِ اردو

86



مئی ۲۰۲۳

MAY 2023

n 10, 2023, 09:54

سبق اردو

مئی ۲۰۲۳ | جلد:۸،شمارہ:۵

ایڈیٹر،پرنٹر،پبلشر: محمد سلیم
موبائل:9919142411
واٹس ایپ:9696486386
sabaqeurdu@gmail.com
فی شمارہ:۲۰۰(دوسو روپے)

سرنامۂ سرورق : عادل منصوری
سرورق : دانش الہ آبادی
کمپوزنگ : دانش الہ آبادی،اہل قلم
مطبع:عظیم انڈیا پرنٹنگ پریس،سنت روی داس نگر،بھدوہی
زرتعاون:۱۰۰۰(ایک ہزار روپے)

Net Banking:SABAQ -E-URDU(MONTHLY)
IFSC BARB 0 GOPI BS A/C28240200000214
Bank of Baroda, Branch: Gopiganj
Gopiganj-221303,Dist.Bhadohi,UP,INDIA

کسی بھی تحریر سے ادارہ کا متفق ہونا لازمی نہیں ہے۔کسی بھی معاملے کی سنوائی صرف ضلع س۔ر۔ن۔(بھدوہی) ہی کی عدالت میں ہوگی۔ادارہ

چیف ایـــــــــــڈیـــــــــــٹـــــــــــر
دانش الٰہ آبادی

نیلوفر حفیظ	فن رباعی: آغاز وارتقاء	۵
اعلم شمس	صوفیائے کرام کی مذہبی رواداری	۹
ڈاکٹر عفت زریں	عصمت چغتائی کے افسانے ایک جائزہ	۱۲
ڈاکٹر فرحت علی	عصر حاضر میں ڈیجیٹل خواندگی کی اہمیت	۱۵
ا۔ڈاکٹر وصی احمد اعظم انصاری ۲۔شبیر احمد ملک	خاکہ نگاری میں شخصیت کی عکاسی	۱۷
فہیم الدین	"جامع" ایک جائزہ	۲۱
ڈاکٹر ظفر اللہ انصاری	واقعاتی شاعری: تفہیم وتعبیر	۲۳
ڈاکٹر سید مصطفیٰ مرشد جمال شاہ القادری	جمیل صدقی الرحاوی کی شاعری پر ایک طائرانہ نظر	۲۵
ڈاکٹر ارشاد نیازی	شہر آشوب کی روایت اور 1857 کا معرکہ!	۳۰
محمد ابوالاعلیٰ حیات	سطور رضوی برق فن کے آئینے میں	۳۵
محمد سعید الحسن	اردو غزل اور تصوف	۳۷
محمد جسیم الدین	جیلانی بانو کا ناول ایوان غزل ایک جائزہ	۳۸

انظار الحق (صادق)	''قیصر شمیم کی شاعری میں عصری حسیت''	۴۰
ڈاکٹر وسی احمد شمشاد	دبستان تنقید کے ایک اہم نقاد: ڈاکٹر محمد محسن	۴۳
ڈاکٹر صنوبر شاہین	اردو غزل کا عصری منظر نامہ خواتین کے حوالے سے	۴۶
ڈاکٹر محمد معراج الدین	اردو غزل کا عصری منظر نامہ: ایک جائزہ	۴۸
علاءالدین	عاشق عظیم آبادی کی فنی کارکردگی	۴۹
ڈاکٹر مطیع الرحمٰن بن عطاءالرحمٰن	ابن انشا کی تحریف نگاری	۵۱
زینت جہاں، نگراں پروفیسر سید شفیق احمد اشرفی	صالحہ عابد حسین کے ناول ''ساتواں آنگن'' کا تجزیاتی مطالعہ	۵۳
ڈاکٹر ظفر اقبال	وادی کشمیر کے نمائندہ افسانہ نگار اور ان کے فکر و فن کا ایک جائزہ	۵۶
ڈاکٹر اصغر علی بیگ	مولانا ابوالکلام آزاد کی اردو نثر پر عربی زبان و ادب کا اثر	۶۱
اسما گل	ہندوستان میں خواتین کی تعلیمی حالت کا ایک مطالعہ	۶۳
میسرہ اختر	ذکیہ مشہدی کے افسانوں میں موضوعات و مسائل	۶۹
علی زاہد ملک	سید اشرف جہانگیر سمنانی کے احوال و آثار کا اجمالی جائزہ	۷۲
فیروز احمد ڈار	افلاطون کے تعلیمی نظریات	۷۵
ڈاکٹر بلال احمد شیخ	نسخۂ خطی اختیارات منظوم'' از حضرت میر سید علی ہمدانی: ایک تعارف	۷۷
ڈاکٹر قرۃ العین	آرام کے ڈراموں میں ہندوستانی تہذیب کے عناصر	۸۰
ڈاکٹر شاہد اقبال	ابن کنول بحیثیت خاکہ نگار (کچھ شگفتگی کچھ سنجیدگی کے حوالے سے)	۸۳
مہتاز کوثر	کشمیری افسانوں میں جدید فکری رجحانات	۸۵
ڈاکٹر ارشاد الرحمٰن ملک	شیخ عطار عشق و عرفان کے آئینے میں، عشق چیست آئینۂ خویش آمدن	۸۷
ڈاکٹر شاداب ارشد، ڈاکٹر محمد افروز عالم	اتحاد عالم اسلام اور فکر علامہ اقبال	۸۹
شگفتہ نازنیں	رباعیات عاقر شبلی	۹۵
ڈاکٹر مدثر رشید	تقسیم ملک کے بعد پنجاب کے اردو نثر نگاروں میں موضوعی تفکر	۹۷
اعجاز یوسف ملک	کشمیری زبان ایک تعارف	۱۰۱
اے. شبیر باشاہ	شائستہ فاخری کے اردو تراجم	۱۰۲
امتیاز حسین	مجاز کی پیکر تراشی	۱۰۳
اسحاق احمد	مجتبیٰ حسین کی خاکہ نگاری کا تنقیدی مطالعہ	۱۰۸
مہتاز کوثر	کشمیری افسانے کی روایت	۱۱۰
مقیت احمد شیخ	اسعد بدایونی کے شعری مجموعہ 'دھوپ کی سرحد' کا تنقیدی مطالعہ	۱۱۳
ڈاکٹر تمیزہ فاطمہ نقوی	غیر لسانی مضمون کی معاونت سے اردو کی تدریس مواصلت کے تقاضے اور تدریسی لائحہ عمل	۱۱۵
درخشاں انجم	اختر الایمان کی مختصر نظمیں	۱۱۸
اے. عفان ظفر، نگراں: ڈاکٹر رفیع محمد	جغرافیہ میں طلباء کے درمیان انکوائری مہارتوں کو فروغ دینے کی حکمت عملیاں	۱۲۱
گلشن جہاں	کلام آتش میں صوفیانہ عناصر	۱۲۳
ڈاکٹر محبوب زاہد	بہار کی اردو: ایک لسانی جائزہ	۱۲۷
ڈاکٹر مقصود احمد	مصری صحافی عبدالوہاب مطاوع کی خطوط نگاری	۱۳۱
اعجاز احمد شاہ	مرزا اطہر بیگ: اکیسویں صدی کے اہم فکشن نگار	۱۳۳
اشتیاق حمید	پریم ناتھ پردیسی کی ادبی خدمات۔۔۔۔ایک جائزہ	۱۳۵
محمد اکرم	مغل دور کے آخر میں کشمیر میں فارسی شعری ادب کا جائزہ	۱۳۸
جنید حسین، آصف علی احمد	مخطوطہ شناسی میں حاشیہ (فٹ نوٹ) حوالہ اور ضمیر کی اہمیت	۱۴۱
آصف اشرف لون	کشمیری زبان کی شاعری میں تارک الوطنی کا رنگ	۱۴۳

Jan 10, 2023, 09:54

عشرت حسین بٹ	سرسید احمد خان کی صحافتی خدمات	۱۴۶
ڈاکٹر سلطانہ فاطمہ انصاری	غالب ولی کے خطوط پر ایک تجزیہ	۱۴۹
کہکشاں انجم	نذر سجاد حیدر کے ناولوں میں تانیثی افکار	۱۵۱
ا۔ترانہ پروانی ۲۔ڈاکٹر شاکرہ پروین	ثانوی سطح پر اردو زبان کے تدریس کے مقاصد، اہمیت اور اساتذہ کا کردار	۱۵۴
محمد ذیشان	موجودہ نظامِ تعلیم میں اخلاقی تعلیم و تربیت کی اہمیت و افادیت	۱۵۶
شہباز احمد خان	قاضی غلام محمد کی شاعری	۱۶۰
ڈاکٹر محمد اکرم	صوفی ازم اور اس کی عصری معنویت	۱۶۱
امتیاز عالم	رشید ناز کی کی شاعری: ایک مختصر جائزہ	۱۶۴
محمد عاقب	سیر المتاخرین کے مخطوطات کا تعارف	۱۶۶
شرف النساء کریم	میر شمس الدین حیرت کاملی	۱۶۸
شبینہ اختر	خواجہ احمد عباس کا افسانوی مجموعہ ”ایک لڑکی“ کا جائزہ	۱۷۲
برکت علی لون	پروفیسر اکبر حیدری کے تحقیقی کارنامے۔ایک جائزہ	۱۷۴
طاہر احمد بھگت	کشمیری زبان اور لل دید	۱۷۶
مختار احمد	پہاڑی افسانوی مجموعہ ”بہاریاں شراں“۔۔۔ایک مطالعہ	۱۸۰
ظفر الحق	علی سردار جعفری کی غزل: انفرادیت و اختصاص	۱۸۲
افزا خاتون	آزادی کے بعد کی ایک اہم فکشن نگار: آمنہ ابوالحسن	۱۸۴
ڈاکٹر شوکت علی	حافظ شیرازی اور مولانا ابوالکلام آزاد کا تقابلی مطالعہ	۱۸۶
ذوالفقار علی	مولانا الطاف حسین حالی: فارسی و عربی کلام کے آئینے میں	۱۸۹
محمد نوشاد عالم	شورش کاشمیری کی نثر نگاری	۱۹۰
ڈاکٹر سشیل کمار	محی الدین قادری زور کی تحقیقی و تدوینی خدمات: ایک مختصر جائزہ	۱۹۳
ڈاکٹر عبدالحق نعیمی	☆اقبال شال بحیثیت افسانہ نگار	۱۹۶
شہزاد احمد	☆شفق سوپوری کا ناول ”فائرنگ رینج: کشمیر ۱۹۹۰ء“ ایک تجزیاتی جائزہ	۱۹۸
ڈاکٹر عبدالمجید	☆افسانوی مجموعہ ”بہاریاں شراں“ پر ایک نظر	۲۰۱

10, 2023, 09:54

جمیل صدقی الزھاوی کی شاعری پر ایک طائرانہ نظر

ڈاکٹر سید مصطفیٰ مرشد جمال شاہ القادری

جمیل صدقی الزھاوی جدید عربی ادب کے ایک مشہور و معروف شاعر ہیں۔ انکا پورا نام جمیل صدقی بن محمد فیضی بن الملا احمد بابان الزھاوی ہے۔ زھاوی کے دادا ملا احمد ایران کے ایک علاقہ کرمن شاہ کے ضلع زھاء کے رہنے والے تھے اسی نسبت سے جمیل صدقی کو جمیل صدقی الزھاوی کہا جاتا ہے۔ جمیل صدقی کے والد کا نام محمد فیضی زھاوی تھا جو بغداد کے ایک جید عالم اور مفتی تھے۔ جمیل صدقی الزھاوی ۱۸۶۳ عیسوی میں بغداد میں پیدا ہوئے۔ زھاوی کا خاندان کرد نسل سے تعلق رکھتا تھا۔ زھاوی نے اپنی ابتدائی تعلیم اپنے والد بزرگوار کے آغوش شفقت میں حاصل کی۔ بعدازاں انھوں نے عربی، فارسی، کردی، اور ترکی زبانوں میں مہارت حاصل کی۔ شاعری کا ملکہ انہیں پیدائشی طور پر حاصل تھا۔ بچپن ہی سے فارسی و عربی دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے۔ زھاوی نے قدیم و جدید دونوں علوم میں دسترس حاصل کی تھی۔ لیکن انکی اصل دلچسپی جدید علوم سے تھی۔ بدقسمتی سے عین ایام شباب میں پچیس سال کی عمر میں جمیل صدقی ریڑھ کی ہڈی کے مرض میں مبتلا ہو گئے جسکی تکلیف انہیں زندگی بھر رہی۔

ابتداء میں زھاوی بغداد میں درس و تدریس کے عمل میں مشغول رہے۔ بعد ازاں وہ مختلف سرکاری عہدوں پر بحال ہوئے۔ زھاوی ۱۸۸۸ء میں الزوراء نامی سرکاری اخبار میں عربی شعبہ کے مدیر مقرر ہوئے۔ پھر اپیل کورٹ کے ممبر مقرر ہوئے۔ بعدازاں انہیں بغداد کی تعلیمی کونسل کا ممبر اور پھر پریس کا مینیجر بنادیا گیا۔

۱۸۹۶ء میں زھاوی استنبول چلے گئے لیکن سلطان عبدالحمید کو جب یہ پتا چلا کہ زھاوی انکی حکومت پر تنقید کرتے ہیں تو سلطان نے ان سے چھٹکارا پانے کے لئے انہیں ایک تبلیغی مشن پر یمن بھیج دیا۔ زھاوی جب یمن سے واپس آئے تو سلطان نے انہیں تمغہ مجیدی سے نوازا۔ لیکن زھاوی مسلسل سلطان پر تنقید کرتے رہے۔ اس وجہ سے سلطان نے انہیں کچھ دن گرفتار کرکے جیل میں رکھا اور پھر واپس بغداد بھیج دیا۔

بغداد میں زھاوی لا اسکول میں پڑھاتے رہے۔ اور اسی دوران انہوں نے عورتوں کی آزادی اور انکی حمایت میں المؤید نامی

۱

اخبار میں ایک مقالہ شائع کیا جسکے نتیجے میں پرانے خیالات کے عوام الناس ان سے ناراض ہوگئے۔ اور ان پر سنگ باری کی۔ زھاوی ڈر سے گھر میں روپوش ہوگئے۔ پھر بغداد کے حاکم ناظم پاشا نے انکو ان کے منصب سے معزول کر دیا۔ مگر جمال پاشا نے ان کو ان کے عہدہ پر بحال کر دیا۔

۱۹۰۸ء میں زھاوی بغداد سے ترکی پارلیمنٹ کے ممبر مقرر ہوئے۔ پارلیمنٹ کے ممبر کے طور پر انہوں نے عربی زبان کی بیحد خدمت کی اور عراق اور شام میں عربی زبان کی ترقی و ترویج میں اہم کردار ادا کیا۔ جسکی وجہ سے انہوں نے کافی عزت و شہرت حاصل کی۔

بعدازاں خرابی صحت کی وجہ سے زھاوی بغداد لوٹ گئے۔ انہوں نے عورتوں کی آزادی کے متعلق کئی مضامین لکھے جس کی وجہ سے لوگ اور عوام الناس ان پر تنقید اور چہ مگوئیاں کرنے لگے۔ آخرکار حکومت نے انہیں ۱۸۱۰ میں لا کالج کے عہدے سے معزول کر دیا۔

زھاوی حکومت کے اس اقدام سے خوف زدہ ہو گئے۔ اور انہوں نے تمام کتابوں کو فروخت کر دیا اور مصر ہجرت کرکے چلے گئے۔ کچھ دنوں کے لئے زھاوی نے ترکی میں بھی قیام کیا لیکن برطانوی اقتدار قائم ہونے کے بعد پھر وہ واپس بغداد چلے آئے۔

زھاوی ہمیشہ سے ترکوں کے مخالف اور برطانوی حکومت کے وفادار تھے۔ انہوں نے سوچا کہ برطانوی اقتدار انہیں بڑے عہدوں پر بحال کریگا۔ لیکن ان کی یہ تمنا امید کے مطابق پوری نہیں ہوئی۔ اگرچہ وہ تعلیمی کونسل کے ممبر مقرر ہوئے اور پھر شائی قوانین کے تعریب سے متعلق کمیٹی کے سربراہ بنا دیئے گئے۔ لیکن پھر بھی وہ اس سے خوش نہ تھے۔

آخر عمر میں زھاوی کے پیر کی ہڈی ٹوٹ گئی اور ان پر فالج کا حملہ ہوا۔ جسکے نتیجے میں وہ گھر سے نکلتے نہ تھے۔ اور اپنا پورا وقت مطالعہ اور تصنیف میں گزارتے تھے۔ جمیل صدقی الزھاوی نے ۲۳ فروری ۱۹۳۶ کو بغداد میں وفات پائی۔

جمیل صدقی الزھاوی ایک زبردست ادیب و شاعر تھے۔ ان کا قلم ہمیشہ رواں دواں رہتا تھا۔ انہوں نے بہت سارے مقالات بھی لکھے۔ ان کے کئی دیوان مصر سے شائع ہو چکے ہیں۔ زھاوی کے ایک دیوان کا نام الشباب ہے۔ یہ ان کے عمدہ اشعار کے انتخاب پر مشتمل ہے۔ یہ دیوان ۱۹۲۸ء میں بغداد سے شائع ہوا ہے۔ انہوں نے فارسی کے مشہور شاعر عمر خیام کے رباعیات کا فارسی سے عربی میں ترجمہ بھی کیا جو مصر سے شائع ہو چکا ہے۔

زھاوی ایک فطری شاعر تھے۔ بچپن سے انہوں نے عربی زبان میں طبع آزمائی شروع کر دی تھی۔ تیس سال کی عمر تک ان کی شاعری میں کمال آچکا تھا۔ زھاوی مصر کے المقتطف المقطم اور المؤید نامی رسالوں میں بھی لکھا کرتے تھے۔

زھاوی کی شاعری چھ جلدوں پر مشتمل ہے جو بیروت قاہرہ اور بغداد سے ۱۹۰۸ء سے ۱۹۳۹ء کے درمیان شائع ہو چکا ہے۔ یہ چھ جلدوں میں مشتمل ہے۔

(۱) الکلیم المنظوم، ۱۹۰۸ء

Jan 10, 2023, 09:54

(۲) رباعیات زھاوی۔ ۱۹۲۴ء

۴

(۳) دیوان زھاوی۔ ۱۹۲۴ء

(۴) اللباب ۔ ۱۹۲۸ء

(۵) الوشل ۔ ۱۹۳۴ء

(۶) الثمالۃ ۱۹۳۹ء

زھاوی نے شاعری میں مختلف موضوعات پر طبع آزمائی کی ہے۔ زھاوی کی شاعری میں عشقیہ شاعری، وصفیہ شاعری، فلسفیانہ شاعری مرثیہ سب شامل ہیں۔ لیکن ان کا سب سے بڑا کمال سیاسی شاعری میں نظر آتا ہے۔ انہوں نے سیاست اور سماج سے متعلق تقریبا ہر چیز پر لکھا ہے۔ ابتدا میں زھاوی (ottomon Turks) خلافت عثمانیہ کے حامی تھے اور زور و شور سے ان کی حمایت کرتے تھے۔ یہانتک کی انھوں نے اعلان کیا کہ جو شخص بھی سلطان کی نافرمانی کریگا وہ اسلام سے بغاوت کریگا اور کافر ہو جائیگا۔ زھاوی پر امید تھے کہ سلطنت عثمانیہ کے دور میں ایک نیا سنہرا دور شروع ہوگا۔ چنانچہ مندرجہ ذیل سطروں میں انھوں نے اپنے احساسات کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔

قد اعلنت للورى حرية المعتى

زمان سخرة ذى امرو قرباج

واطلقت كل نفس من اسارتها

هذا الذى كان يرجونيله الراجى (۱)

آزادی کا اعلان ہو چکا ہے۔ اور ظلم و جبر اور زبردستی کا زمانہ گذر چکا ہے۔

ہر نفس قید و بند سے آزاد ہو چکا ہے۔ یہی وہ زمانہ ہے جسکے پانے کی امید کرنے والے لوگ امید کر رہے تھے۔

مگر عربوں کی امیدیں پوری نہیں ہوئیں اور انکی امیدوں پر پانی پھیر گیا۔ ترکوں کی شکست ہوئی اور برطانوی قوم عراق میں داخل ہوگئی۔ اس مشکل حالات میں زھاوی نے عربوں کو متحد ہونے کی دعوت دی۔ زھاوی لکھتے ہیں۔

ساغسل عنى العار بالسيف انه

ليصدق

عند الضرب او ينكس

فوالله لا انثنى جوادى عن العدى

غداة غد حتى يولوا ويدبروا (۲)

عنقریب میں تلوار کے ذریعے اپنے شرم و حیا کو دھو ڈالونگا۔ یہ (تلوار) دوران جنگ تیز و مضبوط ہو جائیگی یا ٹوٹ جائیگی۔

خدا کی قسم آئندہ کل صبح میں اپنے گھوڑوں کو اپنے دشمنوں سے اسوقت تک نہ پھیرونگا جبتک کہ دشمن پھر نہ جائے یا بھاگ نہ جائے۔

آزادی کے اس اعلان کی حمایت میں زھاوی نے مزید لکھا ہے۔

يا ايدى الظلم شلى

ويا بلاد استقلى

وانت يا راية الموطن

اخفقى واظلى

ان القلوب من الغيظ

كالمراجل تغلى (۳)

اے ظلم کے ہاتھ تم مفلوج ہو جاؤ

اے ملک تم آزاد ہو جاؤ

اے میرے ملک کے پرچم

تم بلند ہو جاؤ اور لہراؤ

اور مجھے پناہ دو اور مجھ پر سایہ فگن ہو جاؤ

دل پتیلے کے مانند ہو گئے ہیں

جو غیظ و غضب سے جوش مار رہے ہیں

لیکن بعد ازاں زھاوی نے اپنے نظریات تبدیل کر لئے۔ اور برطانیہ کو سب سے اچھا اقتدار بتلایا۔ اس لئے انہوں نے ہم وطنوں سے گذارش کی کہ وہ انگریزوں کے وفادار بن جائیں اور انگریزوں کی حمایت کریں۔ کیونکہ ترکوں نے ان کا استحصال کیا ہے۔

لہذا وہ لکھتے ہیں۔

وانت تسومك الا

تراك دلا

وتسلب من حقوقك

باهتضام

ووال الانكليز

رجال عدل

وصدق فى الفعال و

فى الكلام (۴)

ترکوں نے تمہیں ذلیل و خوار و رسوا کیا ہے اور تمہارے حقوق کو تم سے چھین لیا ہے۔ انگریزوں سے دوستی کرو۔ اور ان سے محبت کرو۔ کیونکہ وہ لوگ انصاف پرست انسان ہیں۔ اور اپنے قول و فعل میں سچے اور قابل بھروسہ ہیں۔

دوسرے اشعار میں جمیل صدقی الزھاوی نے انگریزوں کی تعریف کی ہے۔

احب الانكليز و اصطفيهم

لمرضى

الاخاء من الانام

جلوا فى الملك ظلمة كل ظلم

بعد ل ضاء

كالبدر و التمام (۵)

میں انگریزوں سے محبت کرتا ہوں اور انہیں تمام بنی نوع انسان میں سے اپنے بھائی کے طور پر اور اپنے دوست کے طور پر منتخب کرتا ہوں۔ کیونکہ میں جانتا ہوں

کہ وہ لوگ سب سے اچھے انسان ہیں۔
انگریزوں کی حکومت نے ملک میں ناانصافی اور ظلم وجبر واستبداد کی ظلمت وتاریکی کو دور کردیا ہے۔
انگریزوں کے عہد حکومت میں عدل وانصاف چودھویں کے چاند کی طرح چمک رہا ہے۔
زھاوی نے اپنے اشعار میں زیادہ تر عورتوں کے حقوق کو ثابت کرنے کی سعی کی ہے اور وہ عورتوں کی آزادی کے بہت بڑے حامی تھے۔شاید وہ اپنی بیوی سے بہت متاثر تھے۔اور وہ اپنی بیوی کے بہت منت گذار تھے کیونکہ انکی بیوی نے ان کی طویل علالت کے وقت بہت ہی وفاداری کے ساتھ ان کی تیمارداری کی تھی اور انکا خیال رکھا تھا۔
انھوں نے عورتوں کے متعلق اپنے خیالات کو ایک شعر میں کچھ اس طرح پیش کیا ہے۔

سعادة المرء زوج
يطيعها
و تطيع(۶)

انسان کی خوش نصیبی اور ان کی خوشیاں ان کی بیوی ہیں جو انکی اطاعت کرتی ہیں اور جنکی وہ اطاعت کرتے ہیں۔
مندرجہ ذیل شعروں میں زھاوی اپنی بیوی کو مخاطب کرکے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں۔

ا بثين ان ادنى العدو حمامى
بمسدس يذكيه او بحسام
فتجلدى عند الرزيئواحسبى
انى اجتمعت اليک فى الاحلام
والصبر اجدا ان المت نكبة
بكريمة يمتونهاالكرام
انا لست اول هالک فى قومه
يرجو تقدمهم مع الاقوام
يابى لهم هذا الجمودولا يبى
يسعى ليقلدهم من الاوهام
رمت الحياة لهم ورامو مقتلى
شتان بين مرامهم و مرامى(۷)

اے بثین اگر دشمن میری موت کے وقت کو قریب لادے۔بندوق کی گولی کے ذریعے یا تلوار کے ذریعے سے۔
اس مصیبت کی گھڑی میں ثابت قدم رہنا یقین رکھو میں ہمیشہ خواب میں تمہارے ساتھ رہونگا۔
مصیبت اور تکلیف کی گھڑی میں صبر واستقلال کے دامن کو تھامے رکھنا اور ثابت قدم رہنا کیونکہ یہ اعلی خاندان کے شریفوں کی نشانیاں ہیں۔
میں اپنے ملک کے لئے شہید ہونے والا پہلا شخص نہیں ہوں اور میں پہلا شخص نہیں ہوں جو اپنے ملک کے عوام کی ترقی کے خواب دیکھتا ہے اور ترقی یافتہ قوموں کی طرح ان کی ترقی کی امیدیں کرتا ہے۔
میں نے تعصب وجمود کو رد کردیا ہے اور کوشش کرتا ہوں کہ لوگوں کو غلط شک وشبہ اور توھم پرستی سے آزاد کروں۔
میں انکی زندگی میں کامیابی کے لئے نیک خواہشات رکھتا ہوں مگر وہ میری موت کی تمنا کرتے ہیں۔
آہ یہ کیا فرق ہے میرے اور انکی خواہشات کے درمیان۔

سماجی مسائل اور عورتوں کی آزادی کے متعلق بھی زھاوی نے اپنے قلم کا زبردست استعمال کیا ہے۔زھاوی پردہ کی مخالفت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

انما فى الحجاب شل لشعب
و خفاء و فى
السفور ظهور (۸)

پردہ صرف قوم کو مفلوج و معذور بنادیتا ہے اور جب پردہ اٹھ جاتا ہے تو یہ ظاہر ہو جاتا ہے کہ قوم کس طرح ترقی کرتی ہے اور کس طرح تہذیب وتمدن کو حاصل کرتی ہے۔

زھاوی اپنے ایک نظم میں ایک سپاہی کی بیوی کی بے بسی اور بے کسی کی تصویر کشی بہت ہی خوبصورت پیرایہ میں کرتے ہیں۔
وہ ایک بیوہ کو دیکھتے ہیں کہ وہ بھیک مانگ رہی ہے۔اس حالت کی منظر کشی انھوں نے اس طرح کی ہے۔

عليها ثياب رثة و ملائة
كاخشاتها فى
كل حين تنزل
تكفكف دمعا با البنان و كلما
مشت خطوة او
خطوتين تمهل
تمد يمينا للسوال ضعيفة
و تخجل منهم
حينما هى تسائل
ا الرملة الجندى لا تخجلى فمن
حقوق العلا ان
الحكومة تخجل (۹)

(سپاہی کی بیوی) پھٹا پرانا کپڑا پہنی ہوئی ہے اور جب وہ چل رہی ہے تو گویا اسکا پیٹ بھوک کی شدت سے پھٹ رہا ہے
وہ اپنی انگلیوں سے اپنے آنسوؤں کو پوچھ رہی ہے۔اور جب وہ ایک قدم یا دو قدم چل رہی ہے تو نہایت آہستہ آہستہ چل رہی ہے۔وہ اپنے کمزور دائیں ہاتھ کو پھیلا کر بھیک مانگ رہی ہے۔گویا کہ وہ جب بھیک مانگ رہی ہے اس وقت جس سے وہ بھیک مانگ رہی ہے اس سے شرمندگی محسوس کررہی ہے۔
اے سپاہی کی بیوہ! تم اس سے شرمندہ نہ ہو کیونکہ یہ حکومت کی سب سے بڑی ذمہ داری ہے کہ حکومت اپنی نااہلی پر خود شرمندہ ہو۔(یعنی حکومت اپنے ملک کے سپاہی جو ملک کے لئے مارا گیا ہے اس کے اہل وعیال کے دیکھ بھال نہ کرنے کے لئے خود اسکو شرمندہ ہونا چاہئے۔)

Jan 10, 2023, 09:54

سائنس کے موضوع پر زہاوی نے اپنے چند بہترین اشعار قلم بند کیے ہیں۔

مستنصر یہ سائنس کالج کے متعلق زہاوی لکھتے ہیں۔

ایها العلم لح. اذاالیل ادجی
کـو کبـا و ابعـث
الضیاء رسولا (۱۰)

اے سائنس تم ستاروں کی طرح چمکتے رہو۔ کیونکہ جہالت نے تاریکی کو پھیلا دیا ہے۔ اور اے سائنس (اس غیر سائنسی دور کی ظلمت و تاریکی میں) تم اپنے سائنس کی روشنی کو ہم پر بھیجو ایک سفیر کے طور پر۔ (یعنی اے سائنس تم اپنی علمیت کے ذریعے جہالت کی تاریکی کو دور کردو۔)

زہاوی اپنے مادر وطن عراق سے اپنے دل کی گہرائیوں سے محبت کرتے تھے۔ چنانچہ انہوں نے اپنے ملک عراق کی تعریف میں بہت خوبصورت شعر قلم بند کیا ہے۔

انت مما تبدینه من صفاء
یا سماء العراق خیر السماء
انظرینی فقداحبک قلبی
واحبتک مثله حوبائی
انظرینی اذا العنادل غنت
سحرا فوق منکب الشجراء
انظرینی لیلا اذا الشمس غابت
بعیو ن النجوم فی الظلماء
انظرینی اذ الخلیقة اخفت
ما لها فوقه الارض من ضوضاء
انظرینی اذ الطبیعة اصغت
فی الدیاجی الی جزیر الماء
انظرینی اذا الخریف تراتی
آسیا من انتجاره الجرداء
انظرینی من العروج خلال
السحب سرا لعینک السرقاء
انظرینی اذا نظرت بعینی
و هی شکری الیک عند البکاء (۱۱)

اے صاف وشفاف آئینہ

اے عراق کے آسمان جو تمام آسمانوں میں سب بہتر ہے۔
میری طرف دیکھو کیونکہ میرا دل بہت زمانے سے تمہیں محبت کرتا ہے۔ اور میری روح تمہاری بندگی کرتی ہے۔
اے عراق کے آسمان فجر کے وقت میری طرف دیکھو جبکہ بلبل درخت کے شاخوں پر گنگناتی ہے۔
اے عراق کے آسمان رات میں میری طرف دیکھو جبکہ سورج غائب ہوجاتا ہے۔ ستاروں کے آنکھوں کے ذریعے سے رات کی تاریکی میں۔
اے عراق کے آسمان میری طرف دیکھو جبکہ مخلوقات اپنی آوازوں کو چھپالیتا ہے۔
اے عراق کے آسمان میری طرف دیکھو جبکہ صرف فطرت پانی کے لہروں کی آوازوں کو رات کی تاریکی میں سنتی ہے۔
اے عراق کے آسمان میری طرف اس وقت دیکھو جبکہ موسم خزاں اپنے درختوں کے پتوں کے نہ ہونے پر افسوس کرتا ہے۔
اور اے عراق کے آسمان اس وقت دیکھو جب باغات اپنے پھولوں کو کھودیتے ہیں
اے عراق کے آسمان میری طرف دیکھو جب پھول اپنی تازگی اور چمک کھودیتا ہے۔
اے عراق کے آسمان میری طرف خفیہ طور پر ٹوٹے ہوئے بادلوں کے ذریعہ سے دیکھو
اے عراق کے آسمان میری طرف دیکھو جبکہ میں رو رہا ہوں۔

زہاوی نے اپنے قصیدہ ثورة فی الجحیم میں اللہ تعالی کے وجود پر اپنے ایمان کا اظہار کیا ہے۔ اور قبر میں منکر نکیر کے سوال و جواب کا ذکر کیا ہے۔ ان کے اشعار پر غور کیجئے۔

قل ما دینک اللذی کنت فی الدنیا
علیه و
انت شیخ کبیر
قلت کان الاسلام دینی فیها
وهو دین
بالا حترم جدیر
قال من ذاللذی عبدت فقلت
الله ربی و
هو السمیع البصیر (۱۲)

(۱) تم بتاؤ کہ دنیا میں تم کس دین پر تھے اور اب تم بڑے بزرگ ہوچکے ہو۔
(۲) میں نے جواب دیا کہ دنیا میں میرا دین اسلام تھا جو قابل احترام دین ہے۔
(۳) اس نے پوچھا کہ تم نے دنیا میں کس کی عبادت کی؟
(۴) میں نے جواب دیا کہ میں نے دنیا میں اللہ تعالی کی عبادت کی ہے جو میرا رب اور سمیع و بصیر ہے۔

زہاوی عورتوں کی آزادی کا مطالعہ کرتے تھے۔ اور چاہتے تھے کہ جس طرح یورپ میں عورتوں کو آزادی حاصل ہے۔ اور وہ معاشرے کی ہر طرح کی سرگرمیوں میں شریک ہوتی ہیں اسی طرح مسلم اور مشرقی اقوام کو بھی چاہئے کہ وہ عورتوں کو آزادی دیں اور انہیں پردہ و حجاب کے بندھن میں باندھ کر نہ رکھیں اس لئے زہاوی نے پرزور طریقے سے پردہ کی مخالفت کی ہے۔ اس سلسلے میں ان کے بعض اشعار درج ذیل ہیں۔

کان الحجاب یسومها
خسفا

ويرهقها عذابا

ان الالى قد اذنبو

هم صبر وه

لها عقابا

و سيطلب التاريخ من نا

س لها ظلموا

الحسابا(۱۳)

(۱) پردہ اسے رسوا کرتا ہے اور تکلیف پہنچاتا ہے

(۲) مجرموں ہی نے پردے کو اسکے لئے سزا بنا دیا ہے۔

(۳) تاریخ عورتوں پر ظلم کرنے والوں سے حساب طلب کریگی۔

پردہ کی مخالفت میں زہاوی دوسرے قصیدے میں کہتے ہیں۔

مزقی یا ابنة العراق الحجابا

واسفری فالحیاہ تبغی انقلابا

مزقیه وا حرقیه بلا ریث

فقد كان حارسا كذابا(۱۴)

(۱) اے دختر عراق! حجاب کو پھاڑ دو اور بے پردہ ہو جاؤ کیونکہ زندگی انقلاب چاہتی ہے۔

(۲) پردہ کو پھاڑ کر بلا تامل جلا دو کیونکہ یہ جھوٹا محافظ ہے۔

طہٰ حسین نے زہاوی کے متعلق لکھا ہے کہ زہاوی صرف عراق اور مصر کے شاعر نہ تھے بلکہ ان کی شاعری کا دائرہ تمام عالم عرب و عجم تک پھیلا ہوا تھا۔ وہ ذہین شاعر تھے اور ان کا یورپ سے تعلق تھا اور وہ جدید علوم سے آراستہ تھے

دنیا کے مختلف اہم شخصیات کے ساتھ زہاوی کا بہت اچھا اور دوستانہ تعلق تھا۔ زہاوی نے رابندرناتھ ٹیگور، احمد شوقی بک، جبران خلیل جبران، ام کلثوم اور عبدالوہاب وغیرہ کا ذکر اپنے اشعار میں کیا ہے۔

شعری دیوان کے ساتھ ساتھ زہاوی نے نثر میں بھی کئی کتابیں لکھیں ہیں۔ جس میں سے چند نام مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) الجاذبیہ و تعلیلھا ــ یہ طبعیات پر زہاوی کی ایک کتاب ہے۔ جو ۱۹۱۰ء میں بغداد سے شائع ہوئی۔ یہ کتاب ۷۱ صفحات پر مشتمل ہے۔

(۲) الکائنات ــ اس کتاب میں زہاوی نے فلسفے پر بحث کی ہے۔ مصر کے المقتطف پریس نے ۱۸۹۶ء میں اسے شائع کیا۔

(۳) المجمل بما ارى۔ اس کتاب میں زہاوی نے علم فلکیات پر روشنی ڈالی ہے۔ خاص طور پر حرارت شمس پر انہوں نے کافی دلچسپ بحث کی ہے۔ ۱۹۲۲ء میں یہ کتاب منظر عام پر آئی۔

زہاوی کے کل ۹ دیوان اب تک شائع ہو چکے ہیں۔ اس کے علاوہ عرب کے بڑے بڑے رسائل جرائد و مجلات میں ان کے مقالے شائع ہوئے ہیں۔

الغرض جمیل صدقی الزہاوی جدید عربی ادب کے ایک مایہ ناز شاعر اور ایک بے مثال ادیب تھے جو بیک وقت نثر و نظم دونوں میں یکساں کمال و مہارت اور کامل دسترس رکھتے تھے۔

ایم اے (گولڈ میڈیلسٹ)، ممتاز المحدثین (فرسٹ کلاس فرسٹ)، پی ایچ ڈی، ڈبلو بی ای ایس

اسسٹنٹ پروفیسر، وصدر شعبہ عربی مولانا آزاد کالج، کولکاتا، مغربی بنگال، انڈیا

Dr.Syed Mustafa Murshed Jamal Shah Al-Quadri

M.A.(Gold Medalist),M.M.(First Class First), Ph.D., W.B.E.S

Assistant Professor and Head of Department of Arabic,Maulana Azad College,Kolkata,

\- - - - - - - - - - - - - -

Regd. with the RNI No.:
UPURD/2016/67444

Urdu Monthly

ISSN-2321-1601

SABAQEURDU

VOLUME: 8, ISSUE: 5

MAY 2023

Infront of Police Chowki
Gopiganj-221303,Bhadohi
sabaqeurdu@gmail.com

M.:9919142411,9696486386
WhatsApp: 9696486386

Price per copy: 200/-

Jan 10, 2023, 09:54